evening that the people of this country came to know about the incident. There were all sorts of rumours spread, all sorts of exaggerations made even to create a bad atmosphere. I would be failing Sir, in my duty if I do not commend the high morales of the people who did not lose their hearts, who faced the situation very bravely and who did all they could do to meet this catastrophy not only in the twin cities of Rawalpindi and Islamabad but even in the other parts of the country.

Sir, people in panic were just running about, mothers leaving their children, because they did not know what had happened. All sorts of rumours started. Many people first thought that probably it was an attack on Kahuta. Later on when they came to know as to what had happened, they showed a very high morale. It was so unfortunate Sir, that in this incident even one of our colleagues in Parliament (Late) Khaqan Abbasi lost his life, who was just on the road at that time on the road in front of this very Parliament House. His son who was with him is also seriously injured and we pray to *Allah* Almighty for his recovery so that he may be a solace to his near and dear ones. Up to this time Sir, we actually do not know the correct figure. There are so many men, women and children still missing.

I am glad Sir, that the Government has also risen to the occasion and did not object to the admission of my adjournment motion which is not directed against any individual but just to bring forth this national calamity where all of us have to work shoulder to shoulder in whatever way we can to try and reduce the ill effects of this incident. I pray to *Allah* to grant courage to the families who have suffered the loss of their members. The Government needs to be commended, both the President and the Prime Minister, for their immediate actions, taken on humanitarian grounds and I assure them that this House would be fully prepared to cooperate with them in their efforts. Thank you Sir.

جناب چیئرمین :۔ چونکہ یہ بحث دو گھنٹے کے اندر اندر ختم کرنی ہے اور یہ دو گھنٹے کا وقت میرے خیال میں ڈیڑھ بجے ختم ہو جائے گا۔ لہذا اگر آپ اپنی تقاریر کو مختصر رکھیں تو زیادہ اصحاب کو بحث میں حصہ لینے کا موقع مل جائے گا۔ پروفیسر خورشید احمد۔

مولانا سمیع الحق :۔ جناب چیئرمین! مجھے پہلے موقع دے دیں، مجھے ایک تقریب میں جانا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ ان کو پہلے موقع دیں۔

مولانا سمیع الحق :۔ میں نے اس تقریب کے سلسلے میں اپنے تمام ساتھیوں۔ سینیٹر حضرات ساتھیوں کو بھی دعوت دی ہے۔ اور ان سے بھی میری درخواست ہے کہ اس اس دعوت میں شریک ہوں۔

جناب چیئرمین :۔ میرے خیال میں اسی آرڈر میں پھر نام لئے جائیں جس میں وہ موشن پیش کئے گئے ہیں۔ محسن صدیقی صاحب کا نام آپ سے پہلے ہے تو ان کو پہلے بول لینے دیں۔

جناب محمد محسن صدیقی :۔ جناب چیئرمین صاحب! اس تحریک التواء کے متن کو جس طرح میں سمجھا ہوں اس کے تین پہلو ہیں، ایک تو یہ قیامت صغریٰ جو راولپنڈی اور اسلام آباد کے شہروں کے رہنے والوں پر آئی ہے۔ یقیناً ایک ملک گیر اہمیت رکھتی ہے اور اس پر جتنا غم اور جتنا افسوس حتیٰ کہ غصہ کیا جائے وہ میرے نزدیک کم ہے۔ پوچھا جائے گا کہ غصہ کیوں کیا جائے غصہ اس بات کا کیا جائے کہ ایک طرف تو ایمونیشن ڈپو جو انگریزوں کے زمانے میں بنائے گئے تھے جو یقیناً اس زمانے میں شہری آبادی سے ۲۰، ۲۵ میل دور ہوا کرتے تھے، تقسیم کے بعد وہ علاقے گنجان آباد ہو گئے اور مختلف مواقع پر مختلف کوارٹرز سے یہ ڈیمانڈ بھی آئی کہ ان ایمونیشن ڈپوؤں کو شہروں سے دور رکھا جائے مگر ان لوگوں کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی۔

[Mr.Muhammad Mohsin Siddique]

اسی طرح جناب والا! آج سے دس گیارہ سال پہلے لاہور میں ایک ایمونیشن ڈپو میں ایسا حادثہ پیش آیا مگر وہاں پر خوش قسمتی یہ رہی کہ چونکہ آبادی بہت قریب نہ تھی اور شاید حفاظتی اقدامات زیادہ کئے گئے تھے۔ اس لئے اس میں صرف کچھ سات یا آٹھ آدمی کے لوگ شہید ہوئے باقی عوام پر زیادہ اثر نہ پڑا وہ حادثہ بھی ان کے لئے ایک eye opener ہونا چاہئے تھا وہ یقیناً ایک طرح کی خطرے کی گھنٹی تھی جسے وہ کان جو خطرے کی گھنٹی سننے سے آشنا نہیں ہیں انہیں بھی سننا چاہئے تھا اور ان ایمونیشن ڈپوؤں کو شہر سے دور منتقل کرنا چاہئے تھا۔

جناب والا! میں کراچی کا رہنے والا ہوں اور آپ کی اطلاع کے لئے عرض کرتا ہوں کہ وہاں پر دو ایمونیشن ڈپو ہیں۔ جب آپ ہوائی اڈے سے روانہ ہوں اور ڈرگ روڈ پل کراس کریں تو آپ کے دائیں طرف بہت بڑا سی او ڈی کا ڈپو ہے۔ جس میں combatant اور non-combatont ہر قسم کا اسلحہ، وردیاں اور دیگر چیزیں رکھی جاتی ہیں۔ اسی طریقے سے ملیر اور سعود آباد کے پاس پورا آرسنل ڈپو ہے اور اس علاقے میں تقریباً ساڑھے تین میل آبادی ہے، اگر خدانخواستہ کوئی اس قسم کا سانحہ پیش آئے تو آج تو ہزاروں کی تعداد میں casualities ہوئی ہیں وہاں تو لاکھوں کی تعداد میں casualities ہوں گی۔ اس کے لئے کراچی کے شہریوں نے متعدد بار آواز اٹھائی کہ اسے یہاں سے اٹھایا جائے مگر اللہ جانے ارباب حل و عقد کے کانوں میں سیسہ پلایا ہوا ہے کہ ان کے کانوں تک آج تک یہ آواز نہیں پہنچی۔ تیسری چیز جو اس سلسلے میں بڑی اہم ہے وہ یہ کہ جب آپ شہروں میں ایمونیشن ڈپو رکھتے ہیں تو یہ بڑا ہی نازک مسئلہ ہے اور شہروں میں پوری سیکورٹی کا انتظام نہیں ہے sabotage بھی ہو سکتا ہے اور یہ جو کل کا واقعہ ہوا ہے۔ اس میں سے بھی میں سمجھتا ہوں کہ اس میں سے sabotage کے عنصر کو الگ نہیں کیا جا سکتا۔ جب آپ شہروں کی گنجان آبادیوں میں اس قسم کے ایمونیشن ڈپو رکھیں گے۔ تو یقیناً اس کے نتائج خطرناک ہوں گے۔

دوسری چیز یہ ہے کہ میں احمد میاں صاحب سے متفق نہیں ہوں کہ لوگوں کا مورال اچھا ہے، مورال کہاں سے لائیں۔ تقریباً دو گھنٹے تک کسی کو یہ پتہ ہی نہیں تھا کہ کیا ہو رہا ہے۔ کئی مرتبہ متعدد فورمز سے یہ کہا گیا کہ لوگوں کو compulsory military training دی جائے اور ان کو refresher course کرایا جائے تاکہ وہ اس قسم کی situation میں فوج کا انتظار، پولیس کا انتظار یا ایڈمنسٹریشن کا انتظار نہ کریں۔ بلکہ خود کوئی ایکشن لے سکیں اس کے ساتھ ساتھ سول ڈیفینس کی ٹریننگ دینا بھی ضروری ہے۔ لوگ بھاگ رہے تھے، کس قدر شرم کا مقام ہے عورتیں بچے چھوڑ کر بھاگ گئیں مرد اپنی عورتوں کو چھوڑ کر بھاگ گئے آج تک تین ہزار بچے ایک خبر کے مطابق لاپتہ ہیں۔ وہ کہاں گئے زندہ ہیں تو کن کے ہاتھوں میں ہیں یہ باتیں جو ہیں ایک اچھی قوم ایک مہذب قوم کے لئے بڑی شرم کی باتیں ہیں۔ اور میری گردن تو شرم سے جھک گئی ہے۔ ہم کیوں نہ اپنے آدمیوں کو کمپلسری ملٹری ٹریننگ دیں۔ ان کو سول ڈیفینس کی ٹریننگ دیں اس بات کے منتظر نہ رہیں کہ آرمی آئے گی۔ سول ایڈمنسٹریشن آئے گی یا پولیس آئے گی۔ ہمیں خود self basis پر اپنی مدد کرنی چاہئے اور جہاں تک مجھے معلوم ہوا ہے۔ ایک بجے تک آرمی کا کوئی یونٹ نہیں آیا اور سول ایڈمنسٹریشن دو بجے کے بعد پہنچی ہے بلکہ جو پولیس والے اس علاقے میں تھے وہ بھی پناہ کے لئے اپنی کمین گاہیں ڈھونڈنے چلے گئے یہ حالات جو ہیں اس سے ہمیں بڑا سبق لینا چاہئے۔

جناب والا! سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ایسے مواقع پر حکومت نے اور خصوصاً آج کل کی حکومت نے جو عوامی حکومت ہے، جو ایک ایسی جماعت کی حکومت ہے، جو پاکستان کی بنانے والی ہے یقیناً بڑی بروقت کارروائی کی۔ پرائم منسٹر صاحب فوراً اپنا کراچی کا دورہ منسوخ کر کے یہاں آ گئے۔ صدر صاحب اسلامی کانفرنس کو چھوڑ کر یہاں آ گئے اور فوراً انہوں نے اس پر توجہ دی اور میں سمجھتا

[Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui]

ہوں کہ اس وقت تک حکومت نے جو اقدام کئے ہیں وہ قابل مبارکباد ہیں خصوصاً ہسپتال میں جو بیمار ہیں یا جو معذور ہو گئے ہیں یا جن کا مالی نقصان ہوا ہے ان کی پوری تلافی کرنے کے لئے اور ان کو مزید طبی امداد مہیا کرنے کے لئے فنڈز کا کوئی تعین نہیں کیا گیا۔ بلکہ جتنی ضرورت ہوگی دیئے جائیں گے اور پرائم منسٹر صاحب نے اپنی پارٹی میٹنگ میں بھی اعلان کیا کہ فنڈز کا کوئی تعین نہیں ہے۔ جتنی ضرورت ہوگی وہ ان کے لئے مختص کریں گے اور اس پر صرف کریں گے یہ یقیناً ہمارے اور آپ کے لئے اور اس ہاؤس کے لئے بڑی ہی خوش آئند بات ہے اس پر ہم ان کا بہت شکریہ بھی ادا کرتے ہیں۔ اور مبارکباد بھی دیتے ہیں۔ مگر اس کے ساتھ ساتھ گزارش یہ ہے کہ ایسے واقعات کی تین وجوہ ہو سکتی ہیں۔ ایک وجہ تو sabotage ہو سکتی ہے دوسری وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ safety measures جو بڑے لازمی ہیں اور internationally accepted ہیں۔ وہ اختیار نہیں کئے گئے آج ہم traditional ammunition کو صحیح طریقے سے محفوظ نہیں رکھ سکتے ہیں۔ جب کہ دنیا میں آج atomic chemicals اور کتنے دوسرے ہتھیار موجود ہیں۔ لیکن کہیں بھی اس قسم کے واقعات نہیں ہوئے۔ وجہ یہ ہے کہ وہاں پر لوگ ذمہ داری سے اپنے فرائض انجام دیتے ہیں۔ سیفٹی کے جو انٹرنیشنل رولز ہیں ان کی پابندی کی جاتی ہے اور ہم یقیناً ہمیشہ اپنی افواج پر ناز کرتے ہیں اور آج بھی ہم سمجھتے ہیں کہ وہ ہمارے دفاع کے لئے بڑی اہم ہیں اگر ان کی طرف سے بھی کوئی کوتاہی ہوئی ہے۔ اگر ان کی طرف سے کوئی lapses ہوئے ہیں تو ان کا احتساب کرنا ہوگا۔ اس واقعہ کو اگر ہم نے صرف اس لئے چھوڑ دیا کہ چلئے یہ ایک حادثہ ہو گیا ہے تو کون گارنٹی دے سکتا ہے کہ آئندہ اس قسم کے واقعات رونما نہیں ہوں گے۔ اس سلسلے میں حکومت سے میری گزارش یہ ہوگی کہ ایک آرمی جنرل کو تو technical اور

strategic چیزوں کی انکوائری کرنا ہے۔ ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ مگر جن حضرات کی ذمہ داری تھی۔ انہوں نے اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے میں کہاں تک کوتاہی کی اور اس میں عوام کو جو نقصان پہنچا اس کے ازالے کی کیا تدابیر کی جائیں۔ اس کے لئے کم از کم۔

An open Judicial Inquiry presided over by a Chief Justice of a Provincial High Court or a Judge of the Supreme Court should be held.

اور اس کا حشر وہ نہیں ہونا چاہئے جو دوسری اس قسم کی inquiries کا ہوا ہے جن کی رپورٹ کبھی عوام کے سامنے نہیں آئی۔ اس کیلئے ٹائم کا تعین کیا جائے۔ مجھے معلوم ہے کہ وزیر اعظم نے فوراً قدم اٹھایا کہ آرمی strategy کی جو کمیٹی ہے وہ دس دن کے اندر اپنی رپورٹ دے دے گی اور اسی طریقے سے یہ کمیٹی جو ہے یہ دس دن کے بعد ہی یقیناً کام شروع کرے گی اس لئے over-lapping نہیں ہوگا۔ ابھی اگر آپ appoint کریں گے تو دس دن تو لگ جائیں گے اس لئے ایک ایسی کمیٹی جو بالکل independent ہونی چاہئے۔ جو ان تمام اغلاط کا تجزیہ کرے۔ ان تمام واقعات کا تجزیہ کرے۔ اور جو اس کے ذمہ دار ہیں۔ ان کو سب کے سامنے لایا جائے تاکہ آئندہ اس قسم کے واقعات رونما نہ ہوں۔ میرا دل روتا ہے اور مجھے غم بھی ہوتا ہے۔ یہ آواز کئی مرتبہ میں نے اٹھائی مگر اکثر صدا بصحرا ہوتی ہے مجھے اس حکومت سے امید ہے کہ وہ ضرور اس پر عملدرآمد کرے گی۔ شکریہ!۔

جناب چیئرمین:۔ شکریہ! جناب سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط جناب چیئرمین صاحب! یہ ایک بدترین المناک سانحہ ہے۔ جو قیامت صغریٰ سے کم نہیں ہے۔ اس پر پاکستان بلکہ دنیا بھر کے مسلمان خون کے آنسو رو رہے ہیں۔ بظاہر یہ ایک حادثہ

[Maulana Sami-ul-Haq]

ہے اور رات جناب صدر صاحب نے بظاہر پریس کانفرنس میں یہ کہا کہ حادثہ وہی ہوتا ہے جس کے اسباب معلوم نہ ہوں۔ لیکن ہم بحیثیت مسلمان قوم اس کے ظاہری اسباب کا تجزیہ کریں گے۔ معنوی اسباب بھی اللہ اور اسکے رسول نے ہر معاملے میں بیان کئے ہیں۔ قرآن مجید میں بار بار کہا گیا ہے کہ جو بھی حادثہ تکلیف، مصیبت اور انقلاب آتا ہے۔ اس کے کچھ محرکات اور عوامل ہوتے ہیں اور جو بھی تکلیف و مصیبت آتی ہے۔ اس میں اللہ کی طرف سے ایک تنبیہہ بھی ہوتی ہے۔ اللہ کی طرف سے یہ ایک عذاب کا نمونہ سامنے آیا ہے۔ بڑے مضبوط مکانات بھی اس حادثہ کی زد سے بچ نہیں سکے۔ گویا اللہ تعالےٰ نے ہمیں تنبیہہ کی کہ کسی وقت بھی میری گرفت تمہاری لپیٹ میں لے سکتی ہے۔ ہمیں بحیثیت مسلمان ارکان اسمبلی اس صورت حال کو بھی سامنے رکھنا چاہیئے ہم جب اللہ تعالےٰ کی منشاء اور مرضی کے خلاف اس کے احکام سے منہ موڑیں گے اور اللہ کے غضب کو دعوت دیں گے تو ایسے حادثات ظہور میں آئیں گے۔ بحیثیت مجموعی ہم نے اپنا رُخ صحیح سمت سے موڑ لیا ہے۔ اور اللہ کی طرف سے یہ تہدید اور تنبیہہ مختلف شکلوں میں پاکستان کو مسلسل مل رہی ہے۔ اگر ہم نے اس پر غور نہ کیا تو اللہ تعالےٰ کی طرف سے ہمیں اور بھی مصائب اور خطرات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اللہ تعالےٰ ہم سب کو محفوظ رکھے۔

جناب آپ خود دیکھیں کہ پوری قوم کا رخ کس سمت موڑا جا رہا ہے۔ اسی رات قوم کے اہم لوگوں نے لیاقت جمنازیم میں دنیا کے فنکاروں کو جمع کیا اور طاؤس و رباب اور رقص و سرور میں ساری رات گزاری اور ایسی افسوس ناک صورت تھی کہ کل کے اخبار میں تھا کہ انتظامیہ کے سارے اہم حکام اس میں موجود تھے۔ وہاں بھی ایک حادثہ پیش آیا۔ پوسٹ مارٹم کے لئے کمشنر سے معمول کے مطابق منظوری لی جاتی ہے۔ لیکن اس حادثے میں وہاں سے لاشوں کو اٹھانا مشکل ہو رہا تھا۔ کیونکہ وہاں انتظامیہ

کا کوئی ذمہ دار افسر نہیں تھا یہ سرٹیفکیٹ دینے کے لئے کہ لوگ بغیر پوسٹ مارٹم کے لاشیں لے جا سکتے ہیں۔ کل اخبار میں تھا کہ اس سے لوگوں کو بہت تکلیف ہوئی۔ لیکن ایک رات قبل پوری قوم طاؤس و رباب اور چنگ و رباب میں مشغول تھی۔ آپ خود سوچئے کہ جو بھارت کا ایک فلمی ایکٹر یہاں آیا۔ وزیر اعظم صدر مملکت اور تمام حکام اس کے آگے پیچھے پھر رہے ہیں۔ اس کو دعوتیں دے رہے ہیں۔ استقبالیے ہو رہے ہیں۔ کیا کبھی ایسا ہو سکتا ہے کہ پاکستان کا کوئی ایکٹر بھارت جائے تو اس کی اتنی پذیرائی ہو، اتنی فراخدلی اور اتنے کھلے دل سے راجیو گاندھی یا اندرا گاندھی اس کا استقبال کر سکتے ہیں۔ یہ تو ایسے تھا جیسے کہ عالم اسلام کا کوئی خالد بن ولید یا طارق بن زیاد یہاں آیا ہو کہ پوری قوم اس کی پذیرائی میں لگی ہوئی ہے اور ہم وہاں ساری رات بھی اللہ کے غضب کو دعوت دیتے رہے۔ یہ مولویانہ بات نہیں ہے۔ بلکہ ہم سب بحیثیت مسلمان اللہ کے احکام سے واقف ہیں بقول علامہ اقبال۔ ع "شمشیر و سنان اوّل، طاؤس و رباب آخر"، لیکن جب طاؤس و رباب اور کھیل کود میں ساری قوم لگ جائے تو ایسا ہی ہوگا۔ بلاوجہ یہ سب کچھ نہیں ہوتا۔ یہ تو اللہ کی رحمت اور اس کا کرم ہے کہ وہ ہمیں صرف تھپڑ تو مارتا ہے لیکن ہلاک نہیں کرتا غور کیجئے کہ ساڑھے چھ ہزار بم اور میزائل پڑے ہوئے ہیں۔ لیکن ان میں سے اکثر نہیں پھٹے۔ جو پھٹ بھی گئے ہیں تو نقصان بہت کم ہوا ہے۔ یہ اللہ کی طرف سے ایک تازیانہ تھا ورنہ میں کہتا ہوں کہ اتنے بڑے حادثے میں ہزاروں افراد بھی ہلاک ہو جاتے تو کم ہوتے اللہ کی رحمت تو ہمارے شامل حال ہے لیکن ہم اس کا شکریہ ادا نہیں کرتے۔

یہاں دارالخلافہ ہے یہ حساس ایریا ہے اور پھر اس کے قریب ہمارا ایٹمی پلانٹ بھی ہے۔ ایسی بے احتیاطیاں اگر ظاہری طور پر ہوئی ہیں تو اس کا پورا جائزہ لینا چاہئے اگر خدانخواستہ کہوٹہ ایٹمی ری ایکٹر بھی اس کی زد میں کہیں آ جاتا اور کوئی میزائل وہاں بھی گر جاتا تو کیا ہوتا۔ اس میں بہرحال کچھ نہ کچھ غفلت اور کوتاہی تو ہوئی ہے۔ اتنا بڑا ذخیرہ کسی جگہ ہو اور اس کے لئے حفاظتی تدابیر کما حقہ نہ ہوں۔ تو یہ پوری قوم کے لئے، ملک کے لئے خطرے کی گھنٹی ہے، ایسے ڈپو صوبہ سرحد میں بہت زیادہ ہیں پشاور

[Maulana Sami-ul-Haq]

میں ہیں، حیات آباد میں ہیں، کوہاٹ میں ہیں۔ بنوں میں ہیں، ہمارے نوشہرہ میں بہت بڑا ammunition ڈپو ہے۔ وہاں بھی فوری طور پر احتیاطی اقدامات کرنے چاہئیں۔ اور جو اسلحہ ڈپو گنجان آباد علاقوں میں ہیں وہاں سے ان کو منتقل کیا جائے اگر اس حادثہ میں کوئی تخریب کاری ہوئی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس امکان کو بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہئیے۔ اس وقت بھارت اور امریکہ اور روس سب مل کر ایک پریشر ہم پر ڈالنا چاہتے ہیں اور ہمیں اپنی مرضی کے مطابق چلانا چاہتے ہیں۔ وہ ہمیں مجبور کرنا چاہتے ہیں کہ ہم ان کی مرضی کے مطابق فیصلے کریں یہ بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہوسکتی ہے۔ ہوسکتا ہے کہ ہمارے اس عظیم cause کو جو افغان مجاہدین کے ساتھ ہماری وابستگی ہے اور جو جہاد وہ مجاہدین کر رہے ہیں۔ نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی ہو تو یہ ساری صورت حال اس معاملے میں پوری طرح زیر غور لانی چاہیئے۔

میں اس تجویز سے بھی اتفاق کرتا ہوں کہ یہ چونکہ فوج کی ذمہ داری تھی اور اس کا تعلق وزارت دفاع سے تھا۔ اس لئے اس کی تحقیقات فوج سے نہ کرائی جائے۔ بلکہ سپریم کورٹ کے ججوں کی ایک کمیٹی بنائی جائے کہ وہ اس معاملے کی تحقیقات کرے۔ اور بہرحال ہم اس غم میں پوری قوم کے ساتھ شریک ہیں۔ اس دکھ میں شریک ہیں اور تمام شہید ہونے والے افراد کو اللہ تعالیٰ عظیم درجات سے نوازے اور ان کے تمام پسماندگان کی مصیبتیں اللہ تعالیٰ دور فرمائے اور جو بے گھر ہوچکے ہیں یا جن کے اعضاء ضائع ہوچکے ہیں۔ حکومت کو چاہیئے کہ ان پر فوری توجہ دے اور ہنگامی بنیادوں پر ان کو امداد فراہم کرے۔

**جناب چیئرمین:۔** پروفیسر خورشید صاحب۔

**پروفیسر خورشید احمد:۔** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو اس اندوہ ناک واقعہ پر اپنے شدید دکھ اور غم والم کا اظہار کرنا ضروری سمجھتا ہوں حقیقت یہ ہے کہ یہ ایک قومی سانحہ ہے۔ جس سے ہزاروں افراد متاثر ہوئے ہیں جو ہم سے رخصت ہوگئے اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے جو زخمی ہیں اور سخت

تکلیف سے گزر رہے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ ان کو شفاء دے اور جو نقصان ہوا ہے اس نقصان کی تلافی تو ممکن نہیں لیکن قومی سطح پر اس کا مقابلہ کرنے کی ضرورت ہے اور حکومت نے اس بارے میں جو اقدام کئے ہیں وہ قابل قدر ہیں اور ہم نہ صرف یہ کہ ان کی پوری تائید کرتے ہیں ۔ بلکہ یہ ضروری سمجھتے ہیں کہ ملک گیر سطح پر اس المیے سے متاثرہ خاندانوں کے لئے نیشنل فنڈ قائم کرکے ان کی مدد کی جائے ۔

جناب والا ! اس احساس کے ساتھ ساتھ میں یہ بات بھی ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ سینیٹ وہ ادارہ ہے کہ جس کے ارکان نے اس حادثے کا سینیٹ کی گیلریوں سے خود مشاہدہ کیا ۔ سینیٹ کا اجلاس شروع ہونے ہی والا تھا ۔ جب یہ واقعہ ہوا اور ہم میں سے کافی افراد یہاں موجود تھے ۔ ہماری نگاہوں کے سامنے وہ تمام چیزیں ہوئی ہیں ۔ سینیٹ وہ ادارہ ہے ۔ جس نے سب سے پہلے اس قومی المیہ میں شرکت کی اور اپنے جذبات کا اظہار کیا ۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ جناب والا ! اس بات کی ضرورت ہے کہ اس مسئلے کا زیادہ سے زیادہ ٹھنڈے دل سے جائزہ لیا جائے اور جو اہم سوال ابھرتے ہیں انہیں محض سیاسی مصالح کی بنا پر نظر انداز نہ کیا جائے ۔

سب سے پہلا سوال جناب والا ! یہ پیدا ہوتا ہے ۔ کہ اس نوعیت کا واقعہ پاکستان میں پہلی بار نہیں ہوا ہے ، ۱۹۷۰ء میں جنرل یحییٰ کے دور میں لاہور میں ہربنس پورہ کے علاقے میں ایک اسلحہ ڈپو میں اس سے کم سطح کے Explasion کا واقعہ رونما ہوا تھا ۔ اور اس وقت حکومت وقت نے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ پوری گہرائی میں جا کر کے اس مسئلے کا جائزہ لے گی ۔ اور ایک ملک گیر پالیسی بنائے گی اس کے بعد تقریباً تین سال پہلے قومی اسمبلی نے ایک سوال کے جواب کے دوران اس مسئلے پر غور کیا اور اس وقت بھی حکومت نے یہ یقین دہانی کرائی کہ اس مسئلے کا جائزہ لیا جائے گا ۔ کہ آبادیوں میں جہاں جہاں بھی اسلحہ ڈپو ہیں ان میں سیفٹی کی کیا کیفیت ہے اور کہاں کہاں سے ان کو منتقل کرنے کی ضرورت ہے ۔

[Prof. Khurshid Ahmad]

جناب والا! سب سے پہلا اور بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ اس بارے میں ایک نیشنل پالیسی ہونی چاہیئے۔ اس معاملے کا وقتاً فوقتاً review ہونا چاہیئے یہ صحیح ہے کہ جس وقت یہ ڈپو بنے تھے۔ اس وقت آبادیاں وہاں نہیں تھیں۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ پچھلے تیس چالیس سالوں میں آبادیوں کی کیفیت بدلی ہے لہذا ہمیں static نہیں رہنا چاہیئے۔ ہمارے پاس اس بات کا نظام ہونا چاہیئے کہ مسلسل review ہوتا رہے کہ اسلحہ ڈپو کہاں ہیں۔ آبادی کی کیا پوزیشن ہے کہاں کیا خطرات ہیں اور اس کے سلسلے میں کن کن مقامات پر کس کس جگہ پہ تبدیلی کی ضرورت ہے

جناب والا! دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جہاں بھی اسلحہ رکھا جاتا ہے خاص طور پر live ammunition اس کے بارے میں بین الاقوامی طور پر طے شدہ کچھ حفاظتی معیارات ہیں، کچھ اصول ہیں۔ کچھ ضابطے ہیں۔ میں اس معاملے میں کوئی فنی آدمی نہیں ہوں۔ لیکن جتنی کچھ معلومات مجھے حاصل ہیں ان کی بنا پر میں یہ بات کہہ سکتا ہوں کہ بالعموم live ammunition کو بنکر زمیں زیر زمین رکھا جاتا ہے۔ اس بات کی کوشش کی جاتی ہے کہ ایک نوعیت کا اسلحہ ایک خاص پوائنٹ میں رکھا جائے اور اگر خدانخواستہ وہاں کوئی واقعہ ہو جائے تو اس سے دوسرے حصے متاثر نہ ہونے پائیں ان میں contact اور communication کا لحاظ رکھا جاتا جاتا ہے۔ فیوزز الگ رکھے جاتے ہیں۔ یہ تمام چیزیں ہیں جو کہ بین الاقوامی طور پر recognized ہیں۔ سوال یہ ہے کہ جس وقت یہ واقعہ ہوا سیفٹی کی جو کم سے کم مقتضیات ہیں کیا وہ پوری کی جا رہی تھیں اور اگر ایسا ہے تو عقل میں کم از کم یہ بات نہیں آتی کہ کسطرح ہزاروں کی تعداد میں راکٹس، میزائل بم ایکشن میں آگئے اور اگر یہ معلومات درست ہیں کہ آرمی کے جو بم ڈیفیوز کرنے والے squads ہیں وہ پانچ ہزار سے زیادہ بم یا راکٹس کل تک ڈیفیوز کر چکے ہیں اس کے معانی یہ ہیں کہ دراصل بم یا میزائل یا راکٹس حرکت

میں آئے ہیں ان کی تعداد اس سے کم از کم دوگنی ہوگئی، اتنی بڑی تعداد میں ان نوعیت کے live اسلحہ کا حرکت میں آجانے سے اس بات کا شبہ پیدا ہوتا ہے کہ صحیح security/safety measures کم از کم اس وقت نہیں لئے جا رہے تھے، اس بات کو review کرنے کی ضرورت ہے۔

تیسرا سوال جناب والا! اس چیز کے متعلق یہ ہے کہ اس واقعہ کے ہوتے ہی ہمیں علم ہے کہ آپ نے ہیلی کاپٹر کے ذریعے متاثرہ علاقے کا دورہ کیا لیکن زمین پر جو کچھ ہم دیکھ رہے تھے، سینیٹ کا اجلاس تقریباً ساڑھے گیارہ بجے adjourn ہوا اس کے فوراً بعد ہم لوگ باہر نکلے اور میں خود شہر میں چکر لگاتا رہا ہوں، لوگوں میں خوف و ہراس کی کیفیت تھی لیکن کہیں ہم کو پولیس، شہری انتظامیہ کے کوئی کارکن نظر نہیں آئے۔ مارگلہ روڈ پر جہاں سڑک پہ بم گرا تھا وہاں پر لوگوں کا جمگھٹا تھا اور کچھ پتہ نہیں تھا کہ یہ بم پھٹا ہے یا نہیں پھٹا ہے۔ اس کو سب دیکھ رہے تھے یعنی یہ کیفیت تقریباً اس واقعہ کے ایک گھنٹے کے بعد تک تھی۔ اخبارات میں یہ بات آئی ہے کہ تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک سول ایڈمنسٹریشن اسلام آباد اور پنڈی میں موجود نہیں تھی ایک وزیر صاحب نے، میں نام لینا مناسب نہیں سمجھتا ہوں، مجھے یہ بتلایا ہے کہ متاثرہ مقام پر فوج بھی ایک بجے پہنچی، میں حالات سے واقف نہیں ہوں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ اگلا پہلو ہے جس پر کہ proper investigation ہونی چاہئے۔ سول ایڈمنسٹریشن فوج کے . . . .

(مداخلت)

جناب چیئرمین :- میں آپ کی قطع کلامی نہیں کرنا چاہتا، لیکن فوج وقت پر ہی پہنچ چکی تھی، پورے کا پورا بریگیڈ پہنچ چکا تھا۔

**پروفیسر خورشید احمد:۔** اگر یہ بات درست ہے تو مجھے اس پر خوشی ہے۔

**جناب چیئرمین:۔** مجھے اس بات کا ذاتی طور پر علم ہے۔ اس لئے میں آپ کو بتانا چاہتا تھا۔

**پروفیسر خورشید احمد:۔** یہی حال سول ڈیفینس کے عملے کا ہے۔ سول ڈیفینس کا عملہ دراصل اسی لئے ہوتا ہے کہ جیسے ہی اس قسم کا کوئی واقعہ ہو وہ فوراً متاثرہ علاقوں میں پہنچے اور جو خدمات وہ انجام دے سکتے ہیں، انجام دیں۔ یہ صحیح ہے کہ بحیثیت مجموعی نوجوانوں نے بڑی ہمت سے بڑے اچھے موراّل سے اس کا مقابلہ کیا۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اس قسم کی ایمرجنسی کے لئے، ایسے حالات کے لئے، نہ قوم تیار تھی، نہ افراد تیار تھے اور یہی وجہ ہے کہ تین چار ہزار افراد کی گمشدگی کے بارے میں ابھی تک اطلاع کم از کم یہی ہے کہ اتنے افراد لاپتہ ہیں۔

جناب والا! اس کے ساتھ ساتھ میں چوتھی بات یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس واقعہ کی انکوائری کے لئے جو طریقہ اختیار کیا گیا ہے وہ غیر تسلی بخش ہے۔ میری نگاہ میں اس کی جیسا کہ کچھ ساتھیوں نے بھی کہا جوڈیشل انکوائری ہونی چاہیئے۔ سپریم کورٹ کا جج یا ہائی کورٹ کے ججز اس میں ہوں اور میں اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ پارلیمنٹ کے ارکان بھی اس میں شامل کئے جائیں۔ تاکہ اس طریقے سے ایک public participation اس کام میں ہو سکے اور متعین وقت کے اندر اندر اس کی رپورٹ آئے، اسے قوم کے سامنے پیش کیا جائے، جو بھی حقائق ہیں ہمیں ان کو face کرنا چاہیئے۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ atomic کے سلسلے میں امریکہ میں Mile Island کا واقعہ ہوا تھا cheronoble کا واقعہ روس میں ہو چکا ہے میں اس سے انکار نہیں کرتا کہ ایسے حادثات ہو سکتے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ ہمیں پھر ایک صحیح صحیح جائزہ لینا چاہیئے تاکہ حقائق قوم کے سامنے

آئیں۔ اس وقت جو افواہیں گردش کر رہی ہیں اس میں یہاں تک کہا جا رہا ہے کہ مرنے والوں کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ ہے۔ ہم کچھ نہیں جانتے۔ لیکن اگر credibility ہو اور پھر گورنمنٹ facts سامنے لائے تو لوگ اس کو مانیں گے ورنہ افواہیں گردش کریں گی۔

پانچویں چیز یہ ہے کہ اس سے آئندہ کے لئے کیا سبق لیا جائے اور اس کے دونوں پہلو ہیں۔ پہلا یہ ہے کہ سیفٹی کا کیا انتظام ہو ان کی لوکیشن پلاننگ کے اعتبار سے بھی اور اندرونی طور پہ بھی یہاں جو بھی حفاظت کا انتظام ہو سکتا ہو اس کا پورا پورا خیال رکھا جائے اور چھٹی چیز یہ ہے کہ سول ڈیفینس اور ملٹری ٹریننگ کے ذریعے سے قوم کو تیار کیا جائے تاکہ وہ حادثات وغیرہ کو face کر سکے۔ ہم جس دور سے گزر رہے ہیں وہ بڑا ہی خطرناک دور ہے۔ اس پہلو سے قوم کو پوری طرح اعتماد میں لئے بغیر آپ ان حالات کا مقابلہ نہیں کر سکیں گے۔

جناب والا! ان خیالات کے ساتھ میں حکومت کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس پر کہ پوری قوم آپ کے ساتھ ہے۔ جیسا میں نے عرض کیا اس کو budgetary allocation تک محدود نہ رکھیں بلکہ قوم سے اپیل کریں اور اس کے لئے نیشنل فنڈ قائم کریں تاکہ ہم سب اس میں privately contribute کر سکیں اور اس طریقے سے پوری قوم اس پر اپنا response دے سکے۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: جنابہ محترمہ نورجہاں پانیزئی صاحبہ۔

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! بہت کچھ میرے معزز ساتھیوں نے کہا ہے اور اس کے لئے جتنا بھی کہا جائے وہ کم ہے لیکن

[Dr. Noor Jehan Panezai]

سر! یہ ایک ایسا واقعہ ہے کہ جس کا تصور بھی انسان کو ہلا دیتا ہے یہ تو پھر بھی عملی طور پر پیش آیا ہے اسے حادثہ کہیں یا تخریب کاری، جو کچھ بھی کہیں مگر تھا یہ اتنا شدید کہ اس سے پوری انسانیت ہل گئی ہے سر! اس پر جتنا بھی افسوس یا غم کیا جائے یہ کم ہے مگر اس واقعہ پر میں اپنی قوم پر فخر کرتی ہوں کہ اس نے بڑی ہمت اور جوانمردی کا مظاہرہ کیا ہے اور انشاء اللہ کبھی بھی یہ قوم شکست نہیں کھائے گی۔

سر! یہ حادثات اور واقعات ہوتے رہتے ہیں مگر ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ ہم تیسری دنیا کے اس خطے میں رہتے ہیں جہاں چاروں طرف مختلف طاقتوں نے ہمیں گھیرا ہوا ہے۔ اس لئے ہمارے پاس بہت important area کھوٹہ کا ہے ہمیں اپنے پورے وسائل سے اس کی حفاظت کرنی چاہئے۔ لیکن اس حادثہ میں قوم کا بہت مالی اور جانی جو نقصان ہوا ہے۔ بہت سے معزز ممبر پرانے پارلیمنٹیرین ہیں اور مجھ سے بہت زیادہ جانتے ہیں۔ لیکن میں ایک بات عرض کرنا چاہتی ہوں اور میں تمام ممبران سے درخواست کروں گی کہ کل آپ نے صبح ریڈیو اور ٹی وی پر سنا ہوگا کہ تقریباً چار ہزار لڑکے اور لڑکیاں گم ہو چکے ہیں۔ سر! یہ بہت شرم کا مقام ہے ان پر پہلے ہی ایک قیامت گزر چکی ہے آپ انہیں ساری عمر قیامت سے نہ گزاریں میں معزز ممبران سے یہ گزارش کروں گی کہ خدا کے لئے اس آفت زدہ علاقے میں اپنا اپنا ایک ایریا identify کر لیں اور اس میں بذات خود جا کر اس مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کریں۔ اور میں آپ سب معزز حضرات سے درخواست کروں گی کہ کل خواتین نے کافی contribution کی ہے اگر یہ اپنے ٹی اے، ڈی اے یا دو تین دن کی تنخواہ contribute کر کے پہلے بسم اللہ اپنے گھر سے کر دیں۔ تو میرے خیال میں ان کے لئے بھی یہ

encouragement ہوگی ان کو زندگی کے لئے ایک ایک چیز کی تمام بنیادی ضروریات زندگی کی بڑی اشد ضرورت ہے۔ ہم اس علاقے میں گئے ہیں۔ ان کے گھر اجڑ چکے ہیں۔ عورتیں دربدر پھر رہی ہیں اگر ہمارا ہر ایک نمائندہ اس علاقہ میں ایک ایک ایریا identify کر لے تو بہت سا کام آسان ہو سکتا ہے اس کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور امید کرتی ہوں کہ آپ ضرور میرے ساتھ مل کر لوگوں کی مدد کریں گے۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ جناب حسین بخش بنگلزئی صاحب۔

**میر حسین بخش بنگلزئی:** بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین! ایسے کسی بھی موضوع پر آخری مقرر کے بولنے کے لئے وقت بہت کم رہ جاتا ہے۔ باتیں ایک جیسی ہیں۔ حالات ایک جیسے ہیں۔ واقعات ایک ہی طریقے سے رونما ہوئے ہیں اور ان واقعات کو پوری قوم نے اس معزز ایوان نے، آپ نے اور میں نے اور ہر کسی نے ایک ہی طرح feel کیا ہے یہ واقعہ جس انداز میں رونما ہوا ہے اس واقعہ پر جس قدر افسوس کیا جائے کم ہے۔ یقیناً اس میں جتنی قیمتی جانیں ضائع ہوئی ہیں اور لوگ شہید ہوئے ہیں۔ ہم ان کے لئے دل کی گہرائیوں سے ہمدردی رکھتے ہیں لیکن اس قسم کے واقعات جس ملک میں رونما ہوتے ہیں ان کے پس منظر اور پیش منظر دونوں پر نظر رکھی جاتی ہے اور ان ہر دو کو سٹڈی کیا جاتا ہے اس سٹڈی کے نتیجے میں واقعات کا تجزیہ کیا جاتا ہے اور اس قسم کے واقعات کے ازالے کے لئے سرکاری منصوبہ بندی سامنے آتی ہے۔ قوم کا نقطۂ نظر سامنے آتا ہے قوم کے نمائندوں کی تجاویز سامنے آتی ہیں۔ جذباتی انداز میں اس قسم کے حادثات پر فیصلے کئے جا سکتے ہیں اور نہ کوئی رائے دی جا سکتی ہے۔

[Mir Hussain Bukhsh Bangulzai]

جہاں تک اس حادثے کا تعلق ہے۔ جناب والا! اس بدترین حادثے نے پوری قوم کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ اسی بدترین حادثے نے پوری قوم کو ایک سبق سکھا دیا ہے۔ اسی بدترین حادثے نے مستقبل کے منصوبہ سازوں کو ایک راستہ دکھایا ہے۔ لیکن یہ کہہ دینا کہ جی محض ایک حادثہ پیش آیا، ظاہر سی بات ہے۔ کافی نہیں ہے پوری دنیا کی آپ تاریخ اٹھا کر دیکھئے۔ حادثات ہر وقت، ہر جگہ پیش آتے ہیں۔ یہاں تک کہ آج کی سپر پاورز روس اور امریکہ جہاں پر ہر قسم کے حفاظتی انتظامات موجود ہیں وہاں بھی ایسے حادثات پیش آجاتے ہیں۔ آپ کو یاد ہوگا کہ cheronoble میں ایٹمی پلانٹ میں leakage ہوئی ان منصوبہ سازوں کا یہ خیال تھا کہ اتنے بڑے پلانٹ کے اندر اور جس طریقے سے جس organized انداز میں انہوں نے اسکو بنایا تھا اس میں کبھی leakage ہو نہیں سکتی۔ لیکن اس کے اندر بھی leakage ہوئی۔ leakage کے اس حادثے پر اس سپر پاور نے، وہاں کے لوگوں اور انتظامیہ نے جس احسن انداز میں قابو پایا وہ قابل تحسین ہے۔

حادثات پوچھ کر نہیں آتے، بتا کر نہیں آتے، حادثات کا نام جب حادثہ رکھا گیا ہے۔ تو وہ ایک incident ہے وہ کبھی بھی ہو سکتا ہے، کہیں اور کسی بھی وقت ہو سکتا ہے۔ کبھی بھی کوئی حادثہ کسی بھی انداز میں رونما ہو اس کے لئے دو باتیں سامنے رکھی جاتی ہیں پہلی بات یہ ہے کہ وہ قوم ذہنی اور جذباتی طور پر، اقتصادی و اخلاقی طور پر اس حادثے کو سہنے کے لئے کس حد تک تیار رہے اس بدترین حادثے نے کم از کم ایک بات تو بالکل تاریخ میں ثبت کر دی کہ پاکستانی قوم اپنے اخلاق،

جذبات ، حب الوطنی کے لحاظ سے اور اپنے معاشرے سے محبت رکھنے کے لحاظ سے دنیا کی کسی بھی مہذب قوم سے پیچھے نہیں ہے ۔ لوگوں نے جس جذبے کے ساتھ جس حُب الوطنی کے ساتھ اور جس جوش کے ساتھ اپنے بھائیوں کی مدد کی اور جن علاقوں کو نقصان پہنچا تھا ۔ وہاں پر جس انداز میں لوگ پہنچے اور خون دینے کے لئے لوگوں کی لائنیں لگ گئیں ۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ تاریخ کے اندر انسانی ہمدردی کا یہ ایک بہترین نمونہ تھا اور یہ مصیبت زدہ عوام کے ساتھ ہمدردی کا بہترین اظہار تھا ۔ جس پر خراج تحسین پیش کئے بغیر کوئی شخص رہ نہیں سکتا ۔ عوام کے morale کی اس بلندی نے تاریخ کے اندر ایک واضح باب رقم کیا ہے کہ پاکستانی قوم کو جب کبھی بھی ، کہیں بھی ، کسی وقت بھی کسی کونے میں بھی اور کسی طاقت کی طرف سے کوئی مصیبت آئے گی تو انشاء اللہ ، پاکستانی قوم ، پاکستانی عوام اپنے قومی جذبے کو کبھی بھی مٹنے نہیں دیں گے اور یہ کہ قوم اپنے نیشنل انٹرسٹ کی حفاظت کرنے کا بہترین sense اور شعور رکھتی ہے ۔

تیسری بات یہ ہے جناب والا ! کہ اس قسم کے واقعات جب رونما ہوتے ہیں ۔ تو اس وقت حکومتی اقدامات کیا ہونے چاہئیں ۔ جناب ! ہم نے اپنی آنکھوں سے اس منظر کو دیکھا اور جناب والا ! یہ وہ دن تھا جب آپ اس ملک کے قائم مقام صدر کی حیثیت سے کام کر رہے تھے ۔ ہم نے آپ کے حوصلے کو دیکھا اس ہاؤس کے حوصلے کو دیکھا ۔ اس ہاؤس نے عوام کی نمائندگی کی اور ہر وقت نمائندگی کی ۔ انہوں نے سب سے پہلے اس پر گہرے افسوس کا اظہار کیا اور اس ایوان کے اراکین سب سے پہلے مصیبت زدہ جگہوں پر پہنچے ، ہسپتالوں میں پہنچے ، لوگوں میں پہنچے ، سب سے پہلے اس ایوان

[Mir Hussain Bukhsh Bangulzai]

نے شہداء کے لئے فاتحہ خوانی کی یہ ہمارا فرض تھا۔ لیکن ساتھ ساتھ موجودہ حکومت نے جو اسی عوام کی منتخب حکومت ہے۔ جو اقدامات کئے وہ قابل تحسین ہیں۔ اس ملک کے وزیراعظم صاحب اپنی تمام مصروفیات چھوڑ کر فوراً راولپنڈی اسلام آباد پہنچے۔ اس ملک کے صدر صاحب ایک بین الاقوامی کانفرنس کو چھوڑ کر فوری طور پر اپنے ملک کے عوام سے اظہار ہمدردی کے لئے اور اس سلسلے میں کئے گئے اقدامات کا جائزہ لینے کے لئے وطن واپس آ گئے اور انہوں نے اس وقت تک جتنے بھی اقدامات کئے ہیں۔ وہ بہت اچھے ہیں۔

ابھی ابھی یہ بات ہوئی تھی کہ متاثرین کی امداد کے لئے فنڈز کی ضرورت پڑے گی اور حکومت نے برملا اور واضح اعلان کیا کہ فنڈز کی کوئی کمی نہیں پاکستان کا ایک ایک پیسہ پاکستان کی پوری دولت، پاکستان کے عوام کے لئے ہے۔ اور اگر عوام کو اس قسم کی مصیبت اور مشکل کا سامنا ہو تو پاکستان کا خزانہ اس کے عوام سے زیادہ قیمتی نہیں ہے۔ میں آفرین پیش کرتا ہوں۔ میں تحسین کی نگاہ سے دیکھتا ہوں اپنے پرائم منسٹر کے ان جذبات کو اور ان کی اس ہمدردی کو ان کے ان بے لوث اقدامات کو، ان کے جذبہ حب الوطنی کو یہ پرائم منسٹر کی تعریف نہیں ہے یہ اس حکومت کے اقدامات کی تعریف ہے کہ انہوں نے متاثرین کو مدد دینے کے لئے جس انداز میں اقدام کرنے کے لئے منصوبہ بندی کی ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ انشاءاللہ اس کے بڑے اچھے نتائج نکلیں گے۔ لوگوں کا حوصلہ بلند ہو گا۔ لوگوں کو اطمینان حاصل ہو گا۔ لوگوں سے ہمدردی کرنے کے لئے پریذیڈنٹ اور پرائم منسٹر خود ایک ایک ہسپتال میں گئے ہیں اور ایک ایک گھر میں پہنچے ہیں۔

## ADJ. MOTION; RE: INCIDENCE OF BLASTS IN THE AMMUNITION DEPOT. OJHERI CAMP. RAWALPINDI

جہاں تک جناب والا! اس حادثے کا تعلق ہے ۔ میں ایک سچے پاکستانی کی حیثیت سے، اس ملک کے ایک عام شہری کی حیثیت سے اس پارلیمنٹ کے ممبر کی حیثیت سے حلفاً اس بات کا اعلان کرتا ہوں کہ انشاء اللہ یہ منتخب گورنمنٹ کسی بھی قصوروار شخص کو جو کسی بھی انداز میں اس حادثے کا ذمہ دار ہوگا۔ معاف نہیں کرے گی۔ حادثے کی تحقیقات کیلئے حکومت نے جس انداز سے اقدامات کئے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ وہ عوامی نمائندوں کو اعتماد میں لے کر اور انہیں پوری طرح inform کر کے ان کے knowledge میں لاکر ان اقدامات کو مزید آگے بڑھائے گی اور کوئی چیز پاکستان کے عوام سے چھپانے کی کوشش نہیں کرے گی۔ اس لئے کہ پاکستانی عوام کا یہ حق ہے کہ اگر کسی شخص کی لاپرواہی سے یہ حادثہ ہوا ہے تو اس بارے میں عوام کو معلومات فراہم ہوں اور اسے کیفر کردار تک پہنچایا جائے ۔ چنانچہ جو فیصلہ ان عوام کا ہوگا اور اس پارلیمنٹ کا وہی فیصلہ اس حکومت کا ہوگا اور انشاء اللہ جو لوگ اس میں ملوث پائے جائیں گے اور جس بھی انداز میں پائے جائیں گے۔ انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ کیونکہ ہم ملک میں ایسے لوگوں کو قطعاً برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں۔ جو ملک کے اور پاکستان کے دس کروڑ عوام کے مفاد کی حفاظت نہیں کر سکتے۔ ان کو نہ زندہ رہنے کا حق ہے اور نہ ان کو حکومت کرنے کا حق ہے۔ تمام وہ لوگ، جو کسی بھی انداز میں ملوث پائے جائیں گے۔ وہ کیفر کردار تک پہنچیں گے۔

جناب والا! ان الفاظ کے ساتھ میں اپنے ساتھی پارلیمنٹرین جناب خاقان عباسی صاحب کے لواحقین کے ساتھ انتہائی گہری ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں اور میری دلی خواہش ہے کہ پاکستان کے دس کروڑ عوام اس مسئلے میں حکومت سے پورا پورا تعاون کریں۔ اس کے علاوہ اگر پرائم منسٹر کی طرف سے کوئی بھی فنڈ ان لوگوں کی امداد

[Mir Hussain Bukhsh Bangulzai]

کے لئے، متاثرین کے لئے قائم ہو تو میں اس بات کا اعلان کرتا ہوں کہ میری ایک مہینے کی تنخواہ اس فنڈ میں آج ہی سے جمع کر لی جائے۔ شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: شکریہ جناب قاضی عبداللطیف صاحب۔

قاضی عبداللطیف: نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ جناب والا! یہ ایک قومی سطح کا المیہ ہے۔ اس پر جتنا بھی اظہار غم کیا جائے وہ کم ہے۔ ہر انسان ملک کے اندر اور باہر اس سے مضطرب ہوا ہے۔ اور بحیثیت انسان کے ان کا حق تھا کہ وہ اس پر اضطراب کا اظہار کرتے جو کچھ کہا گیا ہے۔ میں اس کا اعادہ نہیں کروں گا۔ کچھ تجاویز سامنے آئی ہیں۔ بعض لوگوں نے انتظامیہ پر بھی کچھ تنقید کی ہے۔ لیکن میں گزارش کروں گا کہ یہ ایک بالکل غیر متوقع حادثہ تھا۔ اور اس کے بعد قوم نے جس صبر و تحمل سے اس کو برداشت کیا۔ وہ الحمدللہ، پاکستانی قوم کا ایک اخلاقی اور مذہبی فریضہ تھا۔ جس کا اس نے اظہار کیا اور اس کا ثبوت دیا۔ ایک لفظ کے متعلق یہاں میں گزارش کروں گا کہ عام طور پہ کہا جاتا ہے کہ ان حالات کا مقابلہ کیا گیا۔ یہ مقابلے کا لفظ ایسے حالات میں میرے نزدیک پسندیدہ لفظ نہیں ہے۔ تحمل و برداشت اور صبر کے الفاظ ہونے چاہئیں۔ اس لئے کہ ایسے حادثات کا مقابلہ کرنا گویا اللہ تعالےٰ کی جانب سے یہ جو حادثہ ہمیں پیش آیا ہے ہم اس کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں الفاظ تحمل برداشت اور صبر کے ہونے چاہئیں۔

حادثات جب پیش آتے ہیں تو اس سلسلے میں آج کی دنیا کے لحاظ سے اور آج کے وسائل کے لحاظ سے اور آج کی ترقی یافتہ دنیا کے لحاظ سے اس کے لئے تجاویز مرتب کی جاتی ہیں۔ یہاں بھی تحقیقات کمیٹی مقرر کی گئی ہے۔ ہم اس کا خیر مقدم کرتے ہیں اور جس طریقے سے پروفیسر صاحب نے فرمایا، ان کے اندر مجھ بھی شریک کئے جائیں۔ یہ ایک اچھی تجویز ہے۔ میں اس کی حمایت کرتا ہوں اس کے ساتھ ساتھ

میں بحیثیت مسلمان کے یہ گزارش کروں گا۔ قرآن کریم نے فرمایا کہ "استعینو با صبر والصلوٰۃ۔ جب تمہیں کوئی حادثہ پیش آئے، تو اس وقت صبر کا مظاہرہ کرو، اسلئے کہ یہ تمہارے اختیار کی بات نہیں ہے اور اس کے ساتھ صلوٰۃ کا تذکرہ ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ توجہ الی اللہ کرو، یہی وجہ تھی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں جب کوئی ایسے مفاجاتی حالات پیدا ہو جاتے تھے، تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز کی طرف، جلدی کرتے تھے۔ اور مجھے خوشی ہے، میرے علم میں ایسے واقعات آئے ہیں کہ اس حادثہ کے وقت بہت سے لوگ مساجد کی طرف گئے اور انہوں نے نماز پڑھنی شروع کر دی اور کلمہ کا ورد کرنا شروع کر دیا۔ اس کے معانی یہ ہیں کہ الحمدللہ ہمارے اندر ایمانی قوت موجود ہے اگر جب تک ایمانی قوت موجود ہے دنیا کی کوئی طاقت ہمیں شکست نہیں دے سکتی

آپ اندازہ لگائیے کہ چھ ہزار راکٹ اور بم اب تک دستیاب ہوئے ہیں اور اس وقت تک ہمیں جو اعداد و شمار ملے ہیں ان کے مطابق کہا جاتا ہے کہ سو آدمی شہید ہوئے ہیں اور تقریباً گیارہ سو یا بارہ سو زخمی ہوئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری حفاظت کی ہے۔ اتنے بڑے حادثہ میں یہ نقصانات جو جانی و مالی ہوئے ہیں یہ قابل افسوس تو ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ذہن میں رہے کہ اتنا زیادہ اسلحہ متاثر ہونے کے باوجود اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ بہت معمولی سا نقصان دیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہمارے لئے ایک تنبیہ ہے۔ قرآن کریم، تاریخ کی کتاب تو نہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کے اندر اقوام سابقہ کی تاریخ بیان کی ہے اور انہوں نے واضح کر دیا کہ جو اقوام اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتی ہیں۔ ان کا حشر اور انجام کیا ہوتا ہے، اور جو اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کرتی ہیں، اللہ تعالیٰ ان کی حفاظت کیسے کرتا ہے، خدانخواستہ جب اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہوتی ہے تو اس وقت ظاہری اسباب، سارے کے سارے معطل ہو جاتے ہیں

[Qazi Abdul Latif]

اللہ تعالیٰ ان ظاہری اسباب کو ناکارہ بنا دیتا ہے۔ ظاہری اسباب کے لحاظ سے میں اتنی گزارش کروں گا کہ آج سے تین سال پہلے جب قومی اسمبلی کے اندر حکومت کی توجہ اس طرف مبذول کرائی گئی تھی تو اس کی تحقیقات ہونی چاہئے کہ اس کے باوجود بھی یہ غفلت کیوں برتی گئی ہے۔ جب کہ اس وقت کہا گیا تھا اور اکثر یہ عام طور پر دیکھنے میں آتا ہے کہ یہ افسوس ناک رویہ اختیار کیا جاتا ہے کہ اتنے اہم معاملات کی طرف حکومت کی توجہ مبذول کرانے کے باوجود بھی حکام اس طرف توجہ نہیں کرتے جس کا نتیجہ آج ہم نے دیکھ لیا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ حادثہ مفاجاتی ہے، اتفاقی ہے، غیر متوقع ہے، لیکن آپ کو علم ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا تھا کہ اگر ایک بکری کا بچہ دریائے فرات کے کنارے میری غفلت کی وجہ سے مر جاتا ہے تو مجھے خطرہ ہے کہ اللہ تعالےٰ مجھ سے پوچھے گا کہ عمرؓ یہ تمہاری ذمہ داری تھی اور تمہاری حکمرانی کے وقت یہ بکری کا بچہ تمہاری غفلت کی وجہ سے کیوں مر گیا ہے، اس لئے میں اس تحقیقاتی کمشن کا خیر مقدم کرتا ہوں، لیکن اس کو زیادہ مؤثر بنانے کے لئے میں گزارش کروں گا کہ زیادہ بہتر اقدامات کئے جائیں۔ اللہ تعالےٰ ہمیں ایسے حادثوں سے بچائے، اور جو کچھ ہوا ہے۔ اللہ تعالےٰ اس پر صبر کی توفیق عطاء فرمائے۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ! جناب سید عباس شاہ۔

سید عباس شاہ: شکریہ! جناب چیئرمین صاحب! پرسوں کا سانحہ جو راولپنڈی میں پیش آیا یقیناً یہ پاکستان کے عوام پر قیامت صغریٰ گزری ہے۔ جس کی کوئی مثال پاکستان کی تاریخ میں موجود نہیں ہے۔ اور اس وقت چونکہ ہماری سینیٹ in-session تھی اور ہماری پارلیمنٹ کے زیادہ اراکین یہاں موجود

تھے، یہ حادثہ جس طرح راولپنڈی اور اسلام آباد کے عوام پر گزرا، اسی طرح سے پارلیمنٹ کے ممبران بھی اس سے متاثر ہوئے۔ سینیٹ کے ممبران اپنی قوم اور اپنے عوام کے ساتھ شریک تھے، اس سانحہ کے شہیدوں میں ہماری پارلیمنٹ کے ایک معزز رکن کا خون بھی شامل تھا۔ ہم اگر اس واقعہ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تنبیہ سمجھتے ہیں تو ہمیں یہ بھی خیال کرنا چاہیئے کہ ایسے موقع پر صبر سے کام لیں۔ یقیناً یہ واقع اتفاقی تھا، جیسے کہا جاتا ہے کہ کبھی خیال بھی نہیں آیا تھا کہ ایسے ہو سکتا ہے لیکن ہمارے عوام نے جس جوانمردی، جس بہادری سے اس کا مقابلہ کیا ہے، یہ بھی ایک مثال ہے۔ کیونکہ بڑی بات یہ ہے کہ اس وقت ہمارے جغرافیائی حالات ایسے ہیں کہ افغانستان کے مسئلہ کی وجہ سے روس کے ساتھ ہماری مخالفت ہے، تاریخی لحاظ سے ہندوستان کے ساتھ مخالفت ہے، مسلمان ہونے کے ناتے اسرائیل کے ساتھ مخالفت ہے، لہٰذا ہمیں، اس قوم کو ہر وقت ایسے، یا اس سے بڑے حادثے کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔ یہاں پر میں اپنی حکومت کی یقیناً یہ کمزوری سمجھتا ہوں اگر وہ یہ کہتے کہ ہم اس کے لئے تیار نہیں تھے، ہمیں تو تیار رہنا چاہیئے۔ یہ حادثہ پیش آیا خواہ اتفاقی تھا خواہ تخریب کاری کی وجہ سے ہوا۔ جس مقام پر یہ حادثہ ہوا ہے، خدا نہ کرے مگر ایسا ہو بھی سکتا تھا کہ ہمارے وزیر اعظم اور صدر اس سے متاثر ہو جاتے تو ملک میں ایک chaos کی صورتحال پیدا ہو جاتی۔

جناب والا! کوئی حادثہ ہو جانے سے پہلے کبھی بھی انسان اس کے بارے نہیں سوچتا ہے۔ لیکن اس کے وقوع پذیر ہونے کے بعد یقیناً حادثے کا باعث بننے والا عوامل کو مدنظر رکھنا چاہیئے، کہ اگر آئندہ ایسے ہوا تو کیا حالات ہوں گے۔ جو اقدامات

[Syed Abbas Shah]

اس وقت ہماری حکومت نے، جناب صدر صاحب نے جناب وزیراعظم پاکستان نے اٹھائے ہیں - یہ یقیناً قابل تعریف ہیں اور عوامی حکومت وہی اقدامات اٹھائے گی جن کے بارے میں ہم سب سوچتے ہیں کہ یہ ہمارے لئے بہتر ہوں گے - اور وہی ہو رہا ہے - امید ہے کہ اللہ تعالےٰ ہمیں ہمت دے گا کہ ہم اس سانحہ کو برداشت کر سکیں - قاضی صاحب کہہ رہے تھے کہ مقابلہ کا لفظ استعمال نہ کیا جائے تو مقابلے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ اللہ تعالےٰ کی مدد کے بغیر کسی آفت کا مقابلہ کیا جا سکے اللہ تعالےٰ تو ایسے موقع پر ہمت دیتا ہے کہ انسان مقابلہ کرے - یہ بھی اللہ کی رضا ہوتی ہے - تب ہی تو مقابلہ کیا جاتا ہے - اللہ تعالےٰ کی مدد سے انشاء اللہ صحیح مقابلہ ہو رہا ہے - یقیناً جو اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں وہ قابل ستائش ہیں وزیراعظم صاحب نے، آپ نے جب کہ آپ اس وقت Acting President تھے اور ہمارے صدر صاحب نے اپنے آپ کو مکمل طور پر اس میں شامل کیا اور دیگر جو بھی مشاغل تھے سب کو منسوخ کیا اس سانحے کو قومی سانحہ کے طور پر لیا - میں خود ذاتی طور پر اور میرے رفقاء اس سے satisfied ہیں البتہ جو انکوائری ہو رہی ہے اس کے متعلق ہم کہیں گے کہ چونکہ ایمونیشن ڈپو فوج کا تھا تو ہم یہ سمجھیں گے کہ اس کی broad-based انکوائری ہونی چاہئے - تاکہ قوم کو اور ہم سب لوگوں کو اس انکوائری کے بارے میں کوئی شبہات باقی نہ رہیں - ہماری پارٹی میٹنگ میں وزیراعظم صاحب نے وعدہ کیا ہے اور ہم امید رکھتے ہیں کہ انکوائری جلد سے جلد ہو گی اور قوم کی توقعات کے مطابق ہو گی میں ایک بار پھر قوم کے اس غم میں اپنے آپ کو شریک سمجھتا ہوں اور پسماندگان کے لئے دعاء کرتا ہوں کہ خدا ان کو صبر دے اور جو اس سانحہ میں شہید ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے - بہت شکریہ!

جناب چیئرمین: بہت شکریہ جناب حسن اے شیخ صاحب -

**Mr. Hasan A. Shaikh :** It is a very unfortunate tragedy, a catastrophe, a national catastrophe that has befallen Pakistan. The most unfortunate part of it is that we do not know how it has taken place. We have yet to know who is responsible for this catastrophe. Enquiries have been set up. The result of those enquiries will have to be placed before the public. But such enquiries must relate to a manner in which public confidence could be gained. Enquiries have no other objectives except that we should know the causes of this disaster. At the same time, people should be satisfied that everything has been done to find out the cause of the disaster and steps to be taken for the purpose of seeing that such disasters do not take place in future. Some honourable Members have suggested that such stores should have been kept outside the populated area of the capital. It is very unfortunate that inspite of the fact that 40 years have passed, we are still seeing cantonments in the busy cities of Pakistan. Cantonments, when first were set up, were set up outside the cities. In fact the Sadar area of a city which led it to civilian population was identified as separate from the cantonment. But after establishment of Pakistan, after the development of Pakistan. the cities have grown and they are bound to grow further than what they are now. It is thus, 40 years that Pakistan has come into being. My suggestion is that all the cantonments not only the stores, all the cantonments should be removed outisde the city limits, far outside the city limits so that the people are saved from such occurrences. It is very easy for the Army personnel, military personnel to say that they should be near the city because that gives them social life which they want to enjoy. I think, it is time to see into this aspect of the matter that all cantonments must now give place to city areas, all these new defence societies that have been set up in big cities like Karachi, Lahore, Hyderabad, Peshawar, they

[Mr. Hasan A. Shaikh]

must be placed outside the city limits because these defence societies are manned mostly by the defence personnel. Therefore, they should be placed outside the city limits to make the people safe. It is not very easy for the time being to shift all the cantonments at the same time but cantonments in the big cities, cantonments near the Capitals must be shifted as soon as possible keeping in mind the resources of the country.

One does not know how the incident has taken place but one thing is quite certain. The Army personnel does not appear to have taken due precaution before this incident has taken place. It is axiomatic truth that defence stores are kept in such a manner that they are free from any possible disaster. The various defence equipment has to be segregated from each other so that one impact does not affect the other section of the stores. If it was done, I don't think the disaster would have been so much. The disaster has been so wide spread because the equipment were not propelry segregated, because proper precaution was not taken. Some people might say it is premature for me to say this at this stage because the enquiries are going on but certain exiomatic truths are there. Six thousand bombs have been defused after the impact, so, at least twice that must have suffered the impact. To keep so much stores at one place without taking proper precaution in itself is a stigma on those authorities who are dealing with such stores. They should have seen to it because after all defence personnel or some staff suffered also. Most people staying near about this store were defence personnel. What is the casuality, we do not know. It is said that casualities are only 93 people who have died. It has been stated by certain newspapers that thousands have died. I agree with this assessment of thousands because about fifteen hundred people were near about the area where the disaster has taken place. Then they say there were flats and people were

staying in that area. There were two well habitable areas near by and all those have been affected. In other words, thousands of people were affected. If this is correct then one must be prepared to accept a colossal amount of destruction in Pakistan because of this incident and I can not envisage any administration, Civil or Military, which has this responsibility of keeping such stores, can dare to take such action which will be destructive for the population living thereby. I know that it is too early to make this statement but I think when I make this statement, I feel, I am quite safe to make that assessment that it can not be less than a few thousands if not many thousands.

**Mr. Chairman : Considering the time constraint, I would request you to kindly wind up your speech.**

**Mr. Hasan A. shaikh :** Sir, my feeling is that we should allow the committee that has been set up, enquiry that has been set up, to finish their job. As soon as it is done, we should consider whether that is sufficient for the purpose of dealing with this disaster. If necessary, we should widen their scope. Fresh enquiry may be held. High superior judicial officers or Superior Court Judges should be associated with it and then we should try to fathom the depth of the cause of this disaster. Thank you Sir..

**Mr. Chairman :** Thank you very much. I have four more speakers on the list besides the Minister who would probably wind up the debate and I would request the next speaker to kindly not take more than 3-4 minutes considering the time limit.

**Mr. Hasan A. Shaikh :** Sir, time is upto 1.30 P.M.

**Mr. Chairman :** The Minister would take probably half an hour or 25 minutes under the rules.

**Mr. Hasan A. Shaikh :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** Anyway, let us not waste the time on that.

Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi.

**جناب اعجاز علی خاں جتوئی:** شکریہ جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں اتوار
کے دن اسلام آباد اور پنڈی پر جو قیامت ٹوٹی ہے اس کے متعلق عرض کروں گا کہ
اس کا جتنا رونا رویا جائے، اس پر جتنا افسوس کیا جائے وہ کم ہے۔ جناب والا!
اس کے بعد میں عرض کرتا ہوں کہ ہمیں جو فگرز گورنمنٹ کے ذرائع سے ملی ہیں جیسا کہ
اخبارات میں شائع ہوئی ہیں۔ ان کے مطابق تقریباً ۹۳ لوگ مارے گئے ہیں لیکن۔

According to the Red Cross, Sir, the total deaths are one thousand, this is what is reported in the papers, and five thousand people are injured in the incident.

مجھے پتہ نہیں کہ گورنمنٹ سورسز کیا جواب دیں گے لیکن جناب ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ
اس طرح کے incidents کیوں ہوتے ہیں۔ جب اتنے sensitive weapons
اسس ڈپو میں رکھے گئے تھے، تو میرے خیال میں اس کے لئے کوئی preventive
measures ہونے چاہئے تھے، اس کے لئے international preventive
measures وہ تو کم از کم adopt کئے جاتے۔ چھ ہزار
پانچ سو بم defusing squads کو ملے ہیں۔ اس کے علاوہ میں سمجھتا ہوں کہ
almost double blasts ہوئے ہوں گے۔ اب جناب! وہاں فیوز

لگا کر میزائل رکھنا، اچھا خاصا dangerous ہے۔ کیونکہ وہاں سے جب میزائلز اور راکٹس نکلے ہیں تو اسلام آباد اور پنڈی میں تقریباً دس کلومیٹر کی رینج میں گرے ہیں۔

جناب والا! ہم دیکھنا یہ چاہتے ہیں کہ آیا یہ واقعہ، واقعی اتفاقی حادثہ تھا یا کسی sabotage کا نتیجہ تھا۔ اگر یہ کوئی sabotage تھا تو چونکہ یہ آرمی کا ڈپو تھا۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ڈیفنس منسٹر جو کہ آج یہاں نہیں ہیں۔ اس کے بارے میں یہاں سٹیٹمنٹ دیتے۔ یہ اگر کلیئر ہو جاتا ہے کہ یہ واقعی sabotage تھا، تو جمہوری روایات کا تقاضہ یہ ہے کہ ڈیفنس منسٹر کو اپنی غلطی تسلیم کرتے ہوئے استعفےٰ دے دینا چاہیئے کیونکہ اس طرح کی precedents پہلے دنیا میں موجود ہیں۔ انڈیا میں ایک ریلوے کا حادثہ ہوا۔ وہاں کے concerned نے اسی وقت استعفےٰ دے دیا۔ امریکہ میں واٹر گیٹ سیکنڈل ہوا۔ جس میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا تھا۔ محض ایک واقعہ ٹیپ کیا گیا تھا۔ اس واقعہ کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے وہاں کا صدر step down ہوا۔ اس نے استعفےٰ دیا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ قوم اب ایک اچھا خاصا مذاق برداشت کر چکی ہے۔ جناب جو لوگ مارے گئے ہیں۔ جو عورتیں ماری گئی ہیں، جو بوڑھے مارے گئے ہیں، جو نوجوان مارے گئے ہیں، ان کو آپ کہاں سے واپس لائیں گے۔ آپ کے یہ چند کروڑ روپے ان کے لئے کچھ معنی نہیں رکھتے ہیں۔ خدا کے دربار میں ہمیں بھی کبھی پیش ہونا ہے۔ ہم اپنے دل پہ ہاتھ رکھ کر بتائیں کہ جب ہمارا بھائی، ہماری بہن، ہماری ماں، ہمارا بچہ ہم سے بچھڑ جاتا ہے۔ تو اس وقت ہماری feelings کیا ہوتی ہیں۔ کیا کوئی پچاس لاکھ روپیہ ہمیں دے کر چپ کرا سکتا ہے۔ نہیں۔ نہیں

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

اس طرح کے ڈپوؤں کو شہری آبادیوں سے بالکل باہر نکالنا چاہیئے۔ یہ کیا تماشا ہے کہ اس طرح کے ڈپوؤں کو ہم نے شہروں میں رکھا ہوا ہے، جبکہ یہ ڈپو بڑے dangarous ہیں۔ جن میں اس طرح کے ہتھیار ہیں۔ اصولی طور پہ ہمیں یہ فیصلہ کرنا چاہیئے کہ انکو شہروں سے باہر نکالا جائے۔ یہ معاملہ صرف پنڈی اور اسلام آباد کا نہیں بلکہ پورے ملک کے دوسرے شہروں میں بھی اس طرح کے ڈپو ہیں۔ اس لئے میری گزارش ہے کہ اس سانحہ سے سبق حاصل کرتے ہوئے جتنی جلدی ہو سکے انہیں شہری علاقوں سے منتقل کیا جائے۔

اس کے ساتھ ساتھ میں گزارش کروں گا کہ rehabilitation میں گورنمنٹ مدد کرے حالانکہ کل سے گورنمنٹ نے کافی کوشش کی ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ابھی تک یہ کوشش ناکافی ہے۔ ابھی تک کچھ لوگ ایسے ہیں جو missing ہیں۔ کوئی دو تین ہزار کے قریب بچے missing ہیں۔ مہربانی کر کے ان کی واپسی کے لئے جتنا ہو سکے ٹی وی سے کام لیا جائے۔ ٹی وی کو حرکت میں لایا جائے کہ وہ اطلاعات بہم پہنچائے۔ کیونکہ پرسوں تو عالم یہ تھا کہ گیارہ بجے قیامت ٹوٹ پڑی تھی مگر ریڈیو پاکستان اس وقت گانے بجا رہا تھا۔ عجیب عالم تھا، لوگ افراتفری میں بھاگ دوڑ رہے تھے لوگ اپنی جانوں کو بچانے کے لئے بھاگ دوڑ رہے تھے، اور ہم یہاں کھڑے پریشان تھے کہ ہوا کیا ہے۔ کہیں کوئی کہہ رہا تھا کہ کھوٹہ پر attack ہوا ہے۔ کہیں کوئی کہہ رہا تھا کہ فلاں جگہ attack ہوا ہے۔ ہمیں تو کچھ پتہ ہی نہیں چل رہا تھا۔ اور جو بیچارے لوگ وہاں پھنسے ہوئے تھے ان کی کیا حالت ہوئی ہو گی۔

جناب والا! میں پھر کہوں گا کہ اس طرح کے جو ڈپو ہیں پلاننگ کر کے ان کو شہروں سے باہر نکالا جائے اور اس سینیٹ کی ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو اس

واقعہ کی تحقیقات کرے چونکہ یہ آرمی کے ڈپو کے تباہ ہونے کا واقعہ ہے اس لئے اس میں آرمی پرسنلز کو تحقیقات کرنے کا کوئی حق نہیں۔ اس کے متعلق مہربانی کر کے سینیٹ کے ممبران پر مشتمل کمیٹی بنائی جائے، اس میں M.N.As کو رکھا جائے۔ اس میں سینیٹرز کو رکھا جائے جو کہ عوام کے نمائندے ہیں۔ صحیح معنوں میں وہ آپ کو رپورٹ دیں گے کہ یہ واقعہ کیوں رونما ہوا اور کس طرح رونما ہوا۔

جناب چیئرمین: شکریہ! نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی صاحب۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: جناب چیئرمین صاحب! جب کوئی حادثہ پیش آتا ہے تو اس سے بربادی ہوتی ہے اور اموات واقع ہوتی ہیں۔ اصل مسئلہ جس کی طرف ہم نے یا اس ایوان نے حکومت کی توجہ مبذول کرانی ہے وہ یہ ہے کہ یہ غیر ذمہ دارانہ رویہ کیوں اختیار کیا گیا۔ اس کے ذمہ دار افراد نے ایسی پلاننگ کیوں نہیں کی کہ جس سے ایسا واقعہ پیش نہ آتا۔ اس کے تحفظ کے لئے مناسب اقدامات کیوں نہیں کئے گئے۔ اب جو اس کے ذمہ دار افراد ہیں ان کے خلاف کس قسم کی کارروائی کرنی چاہئے۔ یہ طے کرنا ہے۔ یہ کوئی ایسی معمولی بات نہیں ہے۔ یہ کوئی اتفاقی حادثہ بھی نہیں ہے۔ اگر یہ سارا اسلحہ پھٹ جاتا، یا detonators لگے ہوتے تو سو گنا سے بھی زیادہ بربادی ہوتی اور اموات واقع ہوتیں۔ ہم جس خطہ میں رہتے ہیں، جن جن قوموں سے ہمارے کشیدہ تعلقات ہیں، جو دشمن ہماری سرحد پر موجود ہیں، ایسی جگہیں تو ان کے لئے نشانہ لگانے کی جگہیں ہیں۔ لیکن اگر گھر والا خود سو جائے، یا بے ہوش ہو جائے تو اس صورت میں آپ دشمن سے کیا گلہ کر سکتے ہیں۔ اگر گھر کا دروازہ خود کھول دیں، کوئی چوری کرے اور اس کے بعد اپنے سینوں کو پیٹیں کہ ہماری چوری ہو گئی ہے،

[Nawabzade Jehangir Shah Jogezai]

ہم کیا کریں ۔ اصل میں سب سے زیادہ ایسے واقعات کا ذمہ دار گھر کا مالک ہوتا ہے ۔ اگر گھر کا مالک ہوشیار رہوتا ، بیدار ہوتا ۔ اونگھ میں نہ ہوتا ، تو یہ حادثہ پیش نہ آتا ۔

جناب والا ! ہمیں دور کی بات سوچنی ہے کہ کیا وجہ ہے کہ جب بھی مارشل لاء لگتا ہے تو ہمیں کوئی نہ کوئی حادثہ پیش آجاتا ہے ۔ پہلا مارشل لاء لگا تو مشرقی پاکستان ہم سے چلا گیا ، اب جب مارشل لاء لگا تو ہمارے سامنے یہ سانحہ پیش آیا ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس کمیٹی میں ایک سائیکالوجسٹ کو بھی رکھنا چاہئے کہ جب مارشل لاء لگتا ہے تو ہمارے فوجی افسروں کے ذہنوں میں دوئی کیسے آجاتی ہے اور اس دوئی کا ہی نتیجہ ہوتا ہے کہ جس کی وجہ سے وہ اپنے فرائض منصبی سے غافل ہو جاتے ہیں ، حالانکہ ان ہی فرائض کی ادائیگی کے لئے وہ تنخواہ وصول کرتے ہیں ، جو کہ قوم کے ٹیکسوں سے انہیں ادا کی جاتی ہے ہمیں اس چیز کا تدارک کرنا چاہئے کہ ہم کبھی بھی فوج کو سول معاملات میں ملوث نہ کریں ۔

اب اس مسئلے کے اوپر کمیٹی بیٹھی ہوئی ہے ، ہم نے آج تک پاکستان کے قیام کے بعد چالیس سالوں میں یہی دیکھا ہے کہ ایسی کمیٹیوں نے کبھی بھی اپنے محکمہ کو ڈاؤن نہیں کیا ہے ۔ وہ قوم کے انٹرسٹ کے خلاف اپنے انٹرسٹ کو بالا اور زیادہ مقدم سمجھتی ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ پرائم منسٹر صاحب نے جو قدم اٹھایا ہے ۔ وہ بہت اچھا ہے ۔ یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہمیں ایک ایسا آدمی تو ملا ہے ۔ جو پبلک کا نمائندہ ہے ۔ پبلک کے ووٹوں سے آیا ہے ۔ اور اس کا مزاج جمہوری ہے اور وہ جمہوریت پر چل رہا ہے ۔ میں جتوئی صاحب سے اس بات پر اتفاق نہیں کرتا کہ چونکہ وہ ڈیفنس منسٹر بھی ہیں اس لئے وہ استعفیٰ دے دیں لیکن اس وقت معاملہ یہ ہے کہ ہمارا جو

صدر ہے وہ پاکستان کا صدر بھی ہے اور چیف آف آرمی سٹاف بھی ہے۔ ہمیں یہ دیکھنا چاہئے کہ اس سے کہیں ہماری فوج کے ڈسپلن میں نقص تو نہیں پڑا یہ وہ باتیں ہیں جن پر غور کے لئے اعلیٰ سطح پر اجلاس ہو جس میں اچھے politician بھی ہوں، سائیکالوجسٹ بھی ہوں، فوجی جرنیل بھی ہوں ہمیں اپنے ڈیفنس کی تمام چیزوں کو از سر نو دیکھنا پڑے گا۔ مثلاً ہم نے فوج کو کس طریقے سے رکھنا ہے اور کہاں استعمال کرنا ہے۔ کیونکہ فوج نے بار بار مارشل لاء لگانے کی وجہ سے سول حکومت کا جو مزہ چکھ لیا ہے اس سے اس کے ذہن میں یکسوئی نہیں رہی وہ اسی خیال میں مگن رہتی ہے میں سمجھتا ہوں کہ اگر آپ اس تجزیہ پر غور کریں گے تو معلوم ہوگا کہ ہر مارشل لاء کے بعد ہمارے ملک کو نقصان اٹھانا پڑا ہے۔

رہی تین سال کی سول حکومت تو میرے خیال میں ان تین سالوں میں سول حکومت نے وہ کچھ کیا ہے جو چالیس سال میں بھی نہیں ہو سکا تھا۔ رہا پبلک کا مورال تو جنرل صاحب کو پسند ہو یا نہ ہو لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ مارشل لاء سے حکومت لینا اور ہنگامی حالات کو اُٹھا لینا یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ میں خود اعتمادی ہے اگر خود اعتمادی نہ ہوتی تو آپ ہمیشہ بیساکھیوں کے سہارے چلتے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہمارے پاس صحت مند جسم ہے جس کو بیساکھیوں کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ ہمیں اپنے جرنیلوں سے حساب لینا ہے لوگ ڈرتے ہیں کہ مارشل لاء پھر آ جائیگا۔ لیکن ہم نے خود پاکستان بنایا ہے۔ ہم اس وقت نہیں ڈرتے تھے تو اب کیوں ڈرتے ہیں جیسا کہ اس ایوان میں ڈپو کی منتقلی کے بارے میں کہا گیا ہے اسی طرح کوئٹہ میں بھی ڈپو ہیں جو ہمارے سول ایوی ایشن اور پی آئی اے کے دفاتر ہیں۔ اس سے ملحق ڈپو وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔ خدانخواستہ اگر کبھی sabotage ہو جائے تو اس کا حشر اس سے بھی زیادہ بُرا ہوگا۔

[Nawabzade Jehangir Shah Jogezai]

میں یہ بھی تجویز کرتا ہوں کہ پی آئی اے کے جہازوں اور پی اے ایف، کے لئے علیحدہ علیحدہ جگہیں ہونی چاہئیں، اکٹھے نہیں ہونے چاہئیں۔ ان فوجیوں کو شہری ایریا اور شہری سہولتوں سے دور رکھیں تو زیادہ بہتر رہے گا۔ فوج کو سول سے بالکل دور رکھنا چاہیئے۔ ملٹری کے جتنے ڈپو ہیں ان کو حفاظتی اصولوں کے مطابق رکھیں اور جہاں تک اس کی حفاظت کا تعلق ہے اس کی باقاعدہ تحقیقات ہونی چاہیئے۔

جناب چیئرمین: شکریہ وقت ختم ہو رہا ہے۔ جناب بہرہ ور سعید صاحب۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

جناب چیئرمین! اتوارکو جو واقعہ اس ملک میں پیش آیا حقیقت میں یہ ایک قومی المیہ ہے اس میں جتنا جانی نقصان ہوا ہے۔ اس کا ہمیں افسوس ہے۔ جتنی جائیدادیں تباہ ہوئی ہیں۔ جتنی مائیں بیوہ اور جتنے بچے یتیم ہوئے ہیں یہ ہماری نظروں میں ہیں اس حادثے میں قوم نے جو اپنا اخلاقی کردار ادا کیا ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی ہے۔ کہ پھر اس قوم میں وہ جذبہ پیدا ہوا جو ۱۹۶۵ء میں پیدا ہوا تھا۔ مجھے یاد ہے کہ ۱۹۶۵ء کی سترہ دنوں کی جنگ میں پشاور کے تھانوں میں کوئی رپورٹ درج نہیں ہوئی تھی اور پولیس ماری ماری پھرتی تھی کہ کوئی رپورٹ کیوں درج نہیں کراتا یہ جذبہ پھر ۱۹۷۱ء میں نہیں تھا۔ اس جذبے کے نہ ہونے کی وجہ سے جتنا بڑا نقصان پہنچا وہ اس ہاؤس کے سامنے ہے اب یہ جذبہ پھر بیدار ہوا ہے اس مالی وجانی نقصان کے باوجود لوگ قطار در قطار کھڑے ہو کر خون کے عطیات دے رہے ہیں۔ لوگ متاثرہ افراد کو دوسرے محفوظ مقامات پر پہنچا

رہے ہیں۔ زخمیوں کی مدد کر رہے ہیں۔ ہسپتالوں میں ڈاکٹر اپنی چھٹیاں منسوخ کر کے اپنی duties پر آ گئے ہیں۔ تو اس قوم نے آج پھر وہی جذبہ دکھایا۔ جس کی ایک ایک پاکستانی مسلمان سے ہمیں توقع تھی۔

جناب چیئرمین صاحب! آیا یہ ایک اتفاقی حادثہ تھا یا کسی تخریب کاری کا نتیجہ ہے واقعہ جو بھی ہو، دونوں طرف سے ہمیں نقصان پہنچا ہے۔ لیکن خدا کی کی طرف سے ہمیں تنبیہ بھی ہے کہ آپ لوگ کس طرف جا رہے ہیں اور کس خواب میں آپ سوئے ہوئے ہیں۔ یہاں میرے ایک دوست نے ذکر کیا کہ بھارت کے ایک ایکٹر کی آپ خوشامد کر رہے ہیں اپنی ذمہ داری کی طرف بھی آپ توجہ دیں۔ آپ کا ملک چاروں طرف سے دشمنوں میں گھرا ہوا ہے۔ اور اس کے علاوہ fifth columnists بھی اپنا کام کر رہے ہیں ہمیں خدا نے یہ وارننگ دی ہے۔

اب کہا جا رہا ہے کہ یہ ایک اتفاقی حادثہ تھا۔ لیکن میں اس سے اتفاق نہیں کروں گا۔ کیونکہ فوجی ڈپو جہاں بھی ہوتے ہیں۔ فوجی بڑے محتاط ہوتے ہیں ان کے رولز اور ضوابط اتنے کڑے ہوتے ہیں کہ اس میں کسی surprise کی گنجائش ہوتی ہی نہیں ہے۔ کوئی اتفاقی معاملے کی گنجائش نہیں ہوتی۔ تو میں اس سے ایک نتیجے پر پہنچا ہوں اور بار بار سوچتا ہوں کہ ضرور اس میں کوئی تخریب کاری ہوئی ہے۔ اب یہ ضروری نہیں ہے کہ تخریب کار باہر سے آیا ہو۔ ہم میں بھی بڑے موجود ہیں۔ جن سانپوں کو ہم دودھ پلا رہے ہیں۔ وہ اب بھی یہاں موجود ہیں تو اس ضمن میں، میں یہ کہوں گا کہ وزیر اعظم صاحب نے جو اقدامات کئے ہیں میں ان کی تائید کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ انہوں نے اپنا کراچی کا دورہ منسوخ کر کے قائم مقام صدر صاحب سے

[Akhuzade Behrawar Saeed]

رابطہ قائم کیا۔ کراچی ایئرپورٹ پر پہنچ کر وہاں اعلیٰ سطح کا اجلاس کیا۔ جو ضروری احکامات تھے وہ جاری کئے اور ابھی تک وہ کارروائی ہو رہی ہے۔

جناب عالی: اس حادثے کی انکوائری ضرور ہونی چاہئے۔ لیکن میں اپنے دوستوں سے اتفاق نہیں کروں گا۔ کہ یہ انکوائری Broad based کی جائے یہ کوئی ایسا واقعہ نہیں ہے کہ کہیں انجن ٹکرا گئے ہیں یا کوئی اور چیز واقع ہوئی ہے کوئی ethnic clash ہوا ہے۔ یہاں ڈیفنس کا معاملہ ہے۔ اس ملک کے دفاع کا معاملہ ہے۔ اس ملک کے اسلحہ ڈپوؤں کی تفتیش کرنے کے لئے ہر ایک آدمی کو یہ اجازت نہیں ہونی چاہئے کہ وہ اس میں جا کر تفتیش کرے اور اس کو وہ معلومات حاصل ہو جائیں جو کسی غیر متعلق شخص کو معلوم نہیں ہونی چاہئیں۔ ان کے جو اپنے ماہرین ہیں۔ وہ ہمارے آدمی ہیں وہ اس قوم کے آدمی ہیں۔ وہ اپنی کمزوری کو محسوس کریں گے جس شخص کی غلطی ہے اس کی نشاندہی کریں گے ہمیں ان پر اعتماد کرنا چاہئے۔ کوئی ایسی وجہ نہیں ہے کہ ہم یہ کہیں کہ چونکہ یہ فوجی معاملہ ہے۔ اس لئے ایک فوجی جنرل کا تقرر اس کے لئے مناسب نہیں۔ بھئی یہ جنرل ہم میں سے ہے۔ یہ ملک اس کا ہے۔ اگر خدانخواستہ یہ ملک نہ ہوتا تو وہ سپاہی ہوتا جنرل نہ ہوتا۔ آج اس ملک کی بدولت وہ جنرل بنا ہے۔ اس لئے ہمیں اعتماد کرنا چاہئے اور ہمیں یقین ہے کہ وہ اس انکوائری میں خلوص سے کام کریں گے اور نشاندھی کریں گے کہ نقص کہاں ہے اور کیوں ایسا ہوا ہے۔

حضور والا! رہا اسلحہ ڈپوؤں کو شہری آبادیوں سے لے جانے کا معاملہ تو کہنے کو تو یہ بات بڑی آسان ہے۔ مگر اس پر سوچنا چاہئے کہ کیا یہ مسئلہ

اس سے حل ہو جائے گا کہ اس ڈپو کو ہم یہاں سے ہٹا کر مری کی کسی پہاڑی میں رکھ دیں۔ سوال اس کو شفٹ کر دینے کا نہیں ہے۔ سوال یہ ہے کہ اس کی حفاظت کس طرح کی جائے۔ وہاں پر جو چیز ہم ڈمپ کر رہے ہیں۔ وہاں جو چیز ہم جمع کر رہے ہیں۔ اس کا ہم کیسے تحفظ کریں! اس کے تحفظ کا سوال ہے وہ اقدامات کئے جائیں۔ اس کے جو ذمہ دار ہیں۔ یا وہ لوگ جو اس کے انچارج ہیں وہ یہ دیکھیں کہ وہ loop-hole کہاں ہے۔ وہ نقص کہاں رہ گیا ہے جس سے یہ واقعہ ہوا ہے۔ ایسا کیوں ہوا ہے! کون اس کا ذمہ دار ہے۔ آپ اسکا تدارک کریں جناب والا! میری نظر میں اس کا یہ حل نہیں کہ اس ڈپو کو ہم یہاں سے شفٹ کر دیں۔ ایبٹ آباد میں اس ڈپو کو لے جائیں ڈپو کو لے جانے سے مسئلہ حل نہیں ہوتا۔ حفاظتی تدابیر اتنی سخت ہونی چاہئیں۔ اتنی سخت ہونی چاہئیں کہ ایسا ہونے کا دوبارہ کوئی امکان نہ رہے مجھے بھی حیرت ہے، سب کو حیرت ہے۔ کہ فوجی جہاں بھی ایسا کرتے ہیں وہاں 200/- فیصد سے لے کر 500/- فیصد یک یہ یقین ہو جاتا ہے کہ ایسا واقعہ نہیں ہو سکتا۔ وہاں پر چانس کی ایسی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ چانس اور ایکسیڈنٹ ایسی بات ہے جو ہم اپنا دل بہلانے کے لئے کہتے ہیں۔ وہاں پلاننگ ہوتی ہے پلاننگ میں کیا نقص ہے کس کی ذمہ داری ہے اور جس کی پلاننگ میں نقص ہے وہ قوم کے سامنے اس کا ذمہ دار ہے۔

جناب والا! میں اپنے وزیر اعظم کو اپنے صدر کو مبارک باد دیتا ہوں کہ انہوں نے اپنے دورے منسوخ کئے اور خود اس المیے میں آکر شریک ہوئے ہیں گھر گھر جا کر انہوں نے زخمیوں سے ہمدردی کی ہے۔ شفاخانوں میں گئے ہیں شہیدوں کے گھروں میں جا کر دعا کی ہے۔ پسماندگان کا حوصلہ بڑھایا ہے۔ میں سمجھتا ہوں اس حکومت نے اس حادثے میں بہت عظیم کارنامہ انجام دیا ہے۔ قابل تعریف

[Akhuzade Behrawar Saeed]

اقدامات کئے ہیں ۔عوام نے بہت اچھی طرح سے تعاون کیا ہے ۔ جانی نقصان کو الگ رکھ کر میں یہ کہوں گا کہ یہ تو ہمارا ایک ٹیسٹ تھا ۔ ہمارے دفاع کا ٹیسٹ ہے کہ آیا ہم نے جو اپنے اقدامات کئے ہیں ، اس میں کوئی نقص ہے ؟ اور وہ نقص اس طرح سے ظاہر ہوا اور مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ آئندہ ایسا کوئی واقعہ نہیں ہو گا ۔

جناب چیئرمین :۔ بہت بہت شکریہ ! وقت ختم ہو چکا ہے ۔ جناب جمال سید میاں ۔

جناب بہرہ ور سعید :۔ جناب عالی !

نہ تڑپنے کی اجازت ہے نہ فریاد کی ہے
گھٹ کے مر جاؤں یہ مرضی میرے صیاد کی ہے

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جمال سید میاں :۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔جناب چیئرمین صاحب وقت بھی کم ہے اور مجھے بھی کچھ زیادہ نہیں کہنا ہے ۔کیونکہ جتنی بھی باتیں تھیں وہ قریب قریب سب کہی جا چکی ہیں ۔ لیکن میں اتنا کہنا ضروری سمجھتا ہوں کہ ۱۰ تاریخ کو جو واقعہ راولپنڈی اور اسلام آباد میں رونما ہوا ، میرے خیال میں اس کی مثال ہم نے پچھلے چالیس سال میں نہیں دیکھی اور اس سے جو جانی و مالی نقصانات ہوئے وہ بھی اس نوعیت کے ہیں کہ ان کو ہم آسانی کے ساتھ ایک طرف نہیں کر سکتے ۔سینکڑوں آدمی اس میں ہلاک ہو گئے بچے اور عورتیں اور مرد زخمی ہو گئے ۔سینکڑوں بچے معذور ہو گئے ہیں ۔کسی کا بازو نہیں ہے ۔کسی کی ٹانگ نہیں ہے اور سب سے دلخراش بات یہ ہے کہ ہزاروں کی تعداد میں بچے اور عورتیں

ابھی تک لاپتہ ہیں۔ پہلے تو میں اس ایوان کی وساطت سے پوری قوم سے اپیل کرتا ہوں کہ یہ بچے اور یہ عورتیں جہاں بھی ہیں۔ جن کے پاس بھی ہیں وہ ان کو اپنے بچے اور اپنی بہنیں سمجھ کر ان کے گھروں تک پہنچا دیں۔ کیونکہ یہ صرف نیکی کا کام ہی نہیں بلکہ اس سے دوسرے لوگ قوم کا معیار بھی پرکھیں گے کہ ہم کس قسم کے لوگ ہیں۔ اگر یہ لوگ ان کو ان کے گھروں تک نہیں پہنچاتے تو پھر ان کا کردار بھی اتنا اچھا نہیں ہوگا۔

جناب والا! اس قسم کے واقعات جب پیش آتے ہیں تو کئی سوالات لوگوں کے ذہن میں آجاتے ہیں اور یہ عوام کا حق ہے کہ ان کو ہم ان سوالات کا جواب دیں یا گورنمنٹ جواب دے۔ اس لئے میں یہ التجا کرتا ہوں کہ جو انکوائری پرائم منسٹر صاحب نے set-up کی ہے۔ وہ ان سوالات کا جواب بڑے اچھے طریقے سے دے۔ پہلا سوال تو یہ ہے کہ جس جگہ پر یہ حادثہ ہوا ہے۔ وہاں کیا یہ ڈپو ریگولر ڈپو تھا۔ یا یہ عارضی بندوبست تھا۔ اگر یہ ریگولر ڈپو تھا تو کیا یہ حفاظتی اصولوں کے مطابق برقرار رکھا گیا تھا۔ کیوں اس میں ہر قسم کا اسلحہ، ہر قسم کا بارود، ایک جگہ پر رکھا ہوا تھا۔ جس نے آگ لگتے ہی دونوں شہروں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ اور اگر یہ ریگولر ڈپو تھا تو پھر اس میں کس سے کوتاہی ہوئی تھی یا یہ کسی کی تخریب کاری کی وجہ سے ایسا ہوا ہے۔ عوام یہ جاننا بہت ضروری سمجھتے ہیں اور یہ ایسے سوالات ہیں کہ لوگ ان کا جواب چاہتے ہیں اور میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ جو انکوائری پرائم منسٹر صاحب نے set-up کی ہے وہ ان سوالات کا جواب ضرور دے تاکہ لوگوں کے ذہن میں بے چینی نہ رہے۔

اب رہی یہ بات کہ آئندہ کیا کریں۔ میرے کچھ دوستوں نے کہا کہ کنٹونمنٹس باہر نکالی جائیں۔ کیونکہ یہ کنٹونمنٹس شہروں میں آگئی ہیں۔ لیکن اگر ہسٹری دیکھیں تو شہر کنٹونمنٹس میں آباد ہوگئے ہیں کیونکہ شروع میں یہ کنٹونمنٹس بہت دور تھے

[Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian]

پھر لوگ آ کر یہاں آباد ہو گئے اور یہ شہر بن گئے ۔ کچھ ڈپو اس قسم کے ہیں جن سے کسی کو نقصان نہیں پہنچتا جیسے کسی نے کراچی کی بات کر دی کراچی میں ڈرگ روڈ پر جو ڈپو ہے ۔ اس میں کوئی اسلحہ نہیں ہے ۔ اس قسم کے ڈپو ، جن میں صرف وہیکلز ہیں یا اس قسم کی چیزیں ہیں ۔ ان سے کسی کو خطرہ نہیں ہونا چاہئے ۔ لیکن یہ میں ضرور سفارش کروں گا کہ اگر کہیں ایمونیشن ڈپوز ہیں تو یہ اس قسم کی گنجان آبادی میں بالکل نہیں ہونے چاہئیں ۔ کچھ چھوٹے چھوٹے ڈپو ہمارے کسی اور مقصد کیلئے فرنٹیئر میں وجود میں آ گئے تھے تو اس وقت میرے رفیق فضل حق صاحب گورنر تھے ۔ انہوں نے خود آرڈر دیا تھا کہ یہ چھوٹے چھوٹے ڈپو بھی آبادی سے باہر نکال دیئے جائیں ۔ ورنہ اگر کوئی حادثہ ہو گیا تو جو آدمی اس کے لئے جگہ دے رہے ہیں وہ خود اس کے ذمہ دار ہوں گے اور جواب دہ ہوں گے تو لوگوں نے محسوس کیا تھا کہ وہ چھوٹے چھوٹے ڈپو بھی آبادی کے قریب نہیں ہونے چاہئیں اس قسم کا بڑا ڈپو کیوں اس آبادی میں تھا مجھے یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس قسم کا بڑا ڈپو آبادی کے قریب نہیں ہونا چاہئے اور اگر تھا تو اس میں کس ریگولیشن کے تحت سامان رکھا ہوا تھا کہ اس میں سے ہر چیز باہر آ گئی نہ تو کوئی اینٹی ٹینک مائینز کی کمی تھی نہ کوئی راکٹ لانچرز کی کمی تھی نہ بندوقوں کی کمی تھی نہ بندوقوں کی گولیوں کی کمی تھی تو ہر چیز اس ایک ڈپو میں کھچڑی بنا کے رکھ دی گئی میرے خیال میں یہ تو کوئی فوجی ریگولیشن کے تحت ٹھیک بات نہیں ہوئی ۔

دوسری بات یہ ہے کہ عوام نے اچھا کردار دکھایا ، بڑی ہمت سے کام لیا ہم نے دیکھا ہے کہ ہسپتالوں کے سامنے سینکڑوں بلکہ ہزاروں لوگ خون

دینے کے لئے تیار کھڑے ہیں، میں نے خود دیکھا کہ سکولوں اور کالجوں کے جوان لڑکے ٹریفک کنٹرول کر رہے تھے خاص کر آئی نائن (9/9) میں اور آئی ایٹ (9/8) میں اور جی نائن (9/6) میں شروع میں کچھ بھگدڑ مچی لیکن اس کے بعد نوجوانوں نے لوگوں کو کنٹرول کیا وہ مجھے قریبی جنگلات میں لے لئے اور دکھایا کہ ان جنگلات میں عورتیں اور بچے پناہ لئے بیٹھے ہیں۔ ان میں کوئی گھبراہٹ نہیں تھی اور ان کو ہم نے وہاں سے نکالا ہے پولیس کو بتایا ہے کہ لاؤڈ سپیکر یا کسی ذریعے سے ان کو بتایا جائے کہ یہ نزدیکی مسجدوں میں جائیں تاکہ وہاں سے پھر ہم لوگ ان کی مدد کر سکیں تو پبلک نے جو کردار دکھایا ہے وہ قابل مبارکباد ہے۔ جہاں تک گورنمنٹ کا تعلق ہے، گورنمنٹ کے قسم قسم کے tiess ہوتے ہیں۔ اگر اوپر سے دیکھا جائے تو میرے خیال میں صدر صاحب اور وزیر اعظم صاحب کے لیول پر آپ کے لیول پر بطور چیئرمین اور اس وقت آپ قائم قائم صدر تھے۔ جو کچھ آپ سب نے کیا ہے اور جس جذبے سے کیا ہے اس سے آگے اس لیول پر آپ اور کچھ نہیں کر سکتے تھے کیونکہ اس لیول سے نیچے جا کر اگر آپ policemen کا کام شروع کر دیں تو پھر میں سمجھوں گا۔ کہ آپ مناسب کام نہیں کر رہے آپ کے لیول پر، صدر صاحب کے لیول پر، پرائم منسٹر صاحب کے لیول پر جو اقدام اُٹھائے گئے میرے خیال میں وہ بروقت تھے اور کافی موثر تھے۔

پولیس کے بارے میں لوگوں نے کہا کہ وہ موجود نہیں تھی شروع شروع میرے خیال میں پولیس والے لوگ موجود نہیں تھے ان کو موجود ہونا چاہئے تھا لیکن حالات ایسے

[Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian]

تھے کہ ان حالات میں کافی بڑے بڑے آدمیوں کے دل دہل گئے تھے تو میں ان کے بارے میں بھی نہیں کہوں گا کہ انہوں نے کچھ غلطی کی، اب رہا یہ جو لوگ ہزاروں کی تعداد میں بے گھر بے یارو مددگار بیٹھے ہیں، لوگوں کے مکان نہیں ہیں اور جو لوگ ہسپتالوں میں پڑے ہیں، جو بچے اور عورتیں اور مرد بغیر بازو کے، بغیر ٹانگوں کے ہیں میرا تو خیال یہ ہے کہ جتنا جلدی ہو سکے پہلے زخمی لوگوں کا خیال رکھا جائے اور میں سفارش کرتا ہوں کہ اگر ہو سکے تو ان کو بیرون ملک بھی علاج کے لئے بھجوائیں تاکہ آئندہ کے لئے یہ ایک مفید شہری کے طور پر یہ کام کر سکیں اور جن کے مکان نہیں ہیں ان کو مکان وغیرہ کے لئے compensation دیا جائے اور جو لاپتہ لوگ ہیں ان کا پتہ چلایا جائے اور جن کا نقصان ہوا ہے ان کے نقصان کی تلافی کی جائے۔ اور انکوائری کے جو نتائج ہیں وہ جلد پبلک کے سامنے آجائیں تاکہ یہ نہ ہو کہ اس وقت تو ہم سب باتیں کر رہے ہیں اور بعد میں وقت کے ساتھ یہ معاملہ بالکل لاپتہ ہو جائے۔

**جناب چیئرمین**: بہت شکریہ! جناب رانا صاحب۔

**Rana Naeem Mahmud Khan :** Thank you, Mr. Chairman.

Mr. Chairman, it is with deep sorrow and grief that I rise today to address this august House on this sad incident. The Ministry of Defence and the Armed Forces of Pakistan are not only grieved but are ashamed of this incident that took place the other day. This is such an

incident which should not have happened. The people, the nation could well have done without such a nerve-shattering experience. I cannot but praise at this point the spirit and the high level of morale and sense of responsibility of action that was displayed by the citizens of the twin cities of Islamabad and Rawalpindi. Sir, an honourable Member also stated that he had seen people heading towrds mosques. Indeed, Sir, my feeling is that it was perhaps those prayers which saved a disaster from the magnitude that it could have attained.

Sir, I would like to put at rest the doubts in the minds of the Members which have been raised during today's debate. At the same time, I would also like to thank the honourable Members for the most useful suggestions which they have presented durng this discussion and I would like to assure the Members of the House that their most useful suggestions will be taken into account and all future decisons and actions will be taken in the light of these suggestons.

At this point in time, I would also like to reiterate what I have often stated on the floor of this House that the Government of Mr. Mohammad Khan Junejo has always followed a policy of taking into confidence the Members of the Parliament, of this august House as well as the Members of the National Assembly and even in this moment of serious crisis - crisis of national magnitude - we are following the same policy and principles. And Sir, based on these facts or on our past performance I am sure that the honourable Members have expressed their views that their suggestions will be taken into account for our future actions.

[Rana Naeem Mahmud Khan]

Sir, I would like to set some records straight. I know, while I am going to state these facts, a lot of my colleagues and Members may not agree with me but this is how the things happened. Unfortunately, these agree with but this is how the things happened. Unfortunately, these actions which I am going to talk about are such which are not visible, but they are essential and it is only through these actions that disasters can be managed and possible damages can be limited.

Mr. Chairman, the first blast was heard around 9.50 or 9.55 a.m. and I would like to state that the Emergency Cell was activated at 10 O'clock. Mr. Chairman, a lot of people have said that the Army was not there, the police was not there but let me assure you Sir, that it was within minutes that the standard procedures as required to be followed were put into operation and this fact is illustrated by my submission that the Emergency Cell was operative at 10.00 a.m. The Hundred and Elven Brigade was moved to secure the area. The 475 Army Engineers Group was moved and was in place by 10.30 to create the Bomb Disposals Squads.The GOC Anti-Aircfat Command was told to put his Company allert on immediate basis. The Sergeant General had taken steps to ensure that all the hospitals of the city were ready to receive the injured and wounded citizens. And Sir, I think from what I have personally checked by 10.15 to 10.30 all these actions had been taken. Sir, you yourself witnessed the operations, you also inspected the site in a helicopter. The Army Vice Chief of Staff did the same and the Government machinery came into full swing at the shortest possible time.

At this point intime Sir, I would not hesitate to accept that there were certain areas in which actions should have been taken which were not taken and the most glaring example seems to hit me between my

eyes is the fact that the standard Civil Ddefence procedures to be followed in schools under such conditions were not followed and that has caused all of us the anxiety and the pain which most of the Members have today expressed. But let me assure you Sir, that we will go into the depth of this as to why this happened. At the outset, all I can say is perhaps it was lack of training or perhaps it was due to the atmosphere that was created by this sudden explosion. I would like to draw the attention of the honourable Members of the House that just before this incident took place the press and the public had been put into frame of mind where a threat of attack was publicised on our Kahuta installations. The first reaction of the people was indeed that this was an attack on Kahuta and they reacted in a manner which was for sometime disorderly which caused a lot of procedures to be followed in the civilian organizations which were probably overlooked. The second reaction of the public as stated by some of our Members was that perhaps there had been an air raid, perhaps there was an enemy aircraft flying over the twin cities bombing the various populated areas, various areas of the twin cities. Where as in fact what was happening was that these free folight rockets which had been initially launched by this heavy explosion had propelled themselves and were landing in all sorts of directions. I agree with the honourable Member Kazi Sahib when he says that it was God who helped us in this time of trial.

Mr. Chairman ,a lot of people have talked about whether the security requirements of this ammunition which was stocked had been fulfiled. It would be too premature for me to say anything about that

[Rana Naeem Mahmud Khan]

because that would or could influence the conduct of the inquiry. But one thing which I would like to state Sir, is that most of the damage caused by these free flight rockets has been because of the penetration and the energy that was developed by their flight and hitting the various objects. None of these objects have actually exploded which goes to indicate that what we call the war-heads or the explosive materials which are supposed to explode on impact or on reaching target did not explode. The reason for tha tis that the rockets were actually secured, they were not fused, they were not prime. That indicates that definitely some security provisions had been made. I am not ruling out the possibilities of the procedures not having been followed but that Sir, would be the ambit of the inquiry to be conducted.

I am also not at this point prepared to rule out the possibilities of sabotage. We have to perforce of circumstances and perforce of requir ements make sure that while this inquiry is being conducted no ground remains untouched, no ground remains un-thought of, no ground remains unexplored, so that proper arrangements could be made for the future. Because it is the lives of the citizens of Pakistan or indeed,our respon - sibility, and the lives of the people is our greatest asset. we cannot afford to squander it. Mr. Chairman, the honourable Members have been very kind in praising the arrangements subsequent tot he disaster. The steps taken by the ' Prime Minister, the relief offers made by him and the President and I am on behalf of the Government and the President grateful to teh honourable-Members. The question has been raised as to whether the inquiry which is going to be conducted is going to fulfil the requirments and answer all possible questions which are in the minds of the representatives of the people and indeed the people themselves.

May I assure the House that proper thought has been given to appoint an inquiry officer that has been appointed and I can assure the Members of the House that the inquiry officer who has been appointed by the Prime Minister in consultation with the Cabinet and indeed his colleagues of this august House as well as the National Assembly has the full confidence of Prime Minister and myself. I can assure you Sir, that the inquiry will be conducted and the truth will be brought out. The order in which we planned to proceed is that after the inquiry is completed for which 7 to 10 days have been given a sub-committee of the Cabinet comprising of 5 Ministers- Kazi Abid Sahib, Mr. Baluch from the Senate, Khattak Sahib, Nasim Aheer Sahib and myself will be supervising the working of the committee. We would also put up recommendations within one week of the completion of teh report to the Cabinet and indeed at the same time we will be taking into confidence the Defence Committee of this House as well as the National Assembly on the procedure and proceedings of the committee. I hope Sir, that the arrangements that so far we have thought of will meet the approval of this House because this is the correct procedure to be followed.

Sir, while talking about the possibility of sabotage a lot of Members have shown their concern about this aspect. Please let me be very clear that we are not ruling out the possibility of sabotage . But we are at the same time not sure that it was actually an act of sabotage. But enquiries to be held. Then, I would like to hypothetically state here that our enemies, if they think that on the eve of a decision of an agreement that is being reached, they are going to pressurize us or make us move from a stand which has stood the test of time, which has indeed been supported by great sacrifices of the people of Pakistan, I would like to say for them Sir, that they are mistaken. We have a stand, we will stand by it and *Insha-Allah*, as time has proven, you will see that we will once again be proved right .In the end Sir, I would like to thank you for providing me this opportunity for winding up this debate. I wish, I could say more but at this point in time the less the said the better because we have a lot of work to do. Thank you Sir .

**Mr. Chairman :** Well, this brings us to the close of the discussion initiated through five adjournment motions on the grave situation created by the ammunition dump explosion at Faizabad or Ojheri Camp resulting in a heavy loss of life and property. This also brings to a close, our agenda for the day. The House is now adjourned to meet again at 9.30 a. m. on Thursday, the 14th of April 1988. The day as we have already decided is allotted to hold discussion on the matters referred to in the President's Address under Chapter VI of the Rules Procedure and Conduct of Business in the Senat 1988.
Thank you. The House is adjourned.

---

*(The House adjourned to meet again at half past nine of the clock, on Thursday, the 14th April, 1988).*

---